www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار ...

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ ABC Certified

پاکستان بلیٹن کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | بدھ، 25 مارچ 2026ء بمطابق 05 شوال 1447ھ | شمارہ 239 | قیمت 10 روپے

عوام کو کوٹے کے مطابق پیٹرول الاٹ کرنے کا فیصلہ حکومتی ایپ کی تیاری جاری

وزیراعظم صوبائی حکومتوں سے بھی سبسڈی میں حصہ ڈالنے کے لیے بات چیت کررہے ہیں، وفاقی حکومت راشن بندی کیلئے ڈیجیٹل نظام لا رہی ہے

حکومت پیٹرولیم مصنوعات پر 100 ارب روپے کی سبسڈی دے چکی، حکومت ایک ایپ تیار کررہی ہے جسے پیٹرولیم مصنوعات کے صارفین ڈاؤن لوڈ کرسکیں گے

ہر شہری اپنی گاڑی کا نمبر اور اپنا شناختی کارڈ نمبر درج کر کے ایپ میں رجسٹریشن کروائے گا، وزیراعظم پیٹرولیم سبسڈی پر صدر مملکت کو اعتماد میں لیں گے

اسلام آباد(ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف پیٹرولیم مصنوعات پر سبسڈی میں صوبوں کو شامل کرنے کے لیے صدرمملکت آصف علی زرداری کو اعتماد میں لیں گے اور اس سلسلے میں ملاقات کا امکان ہے جبکہ وفاقی حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی راشن بندی کے لیے ڈیجیٹل نظام لا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف ایوان صدر میں صدرمملکت آصف علی زرداری سے اہم ملاقات کریں گے اور اس دوران پیٹرولیم مصنوعات پر سبسڈی میں صوبوں کو شامل کرنے کے لیے انہیں اعتماد میں لیں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ وفاقی حکومت پیٹرولیم مصنوعات پر 100 ارب روپے کی سبسڈی دے چکی ہے، جس کے بنیفشری پورے ملک کے عوام ہیں اور وزیراعظم صوبائی حکومتوں سے بھی سبسڈی میں حصہ ڈالنے کے لیے بات چیت کر رہے ہیں۔ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر30

پاکستان نے ایران امریکا مذاکرات کی میزبانی پر آمادگی ظاہر کردی

پاکستان خطے کے امن واستحکام کے مفاد میں مشرق وسطی میں جنگ کے خاتمے کیلئے مذاکرات کی جاری کوششوں کا خیرمقدم اور مکمل حمایت کرتا ہے، پاکستان اس معاملے میں ثالث کا کردار ادا کرنے کو اپنے لیے اعزاز سمجھتا ہے

امریکا اور ایران کی رضامندی کے بعد پاکستان مشرق وسطی میں جاری تنازع کے جامع تصفیے کے لئے بامعنی مذاکرات کی سہولت فراہم کرنے اور میزبانی کے لئے تیار ہے‘ وزیراعظم شہباز شریف کا بیان

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وزیراعظم پاکستان نے مشرق وسطی میں جنگ کے خاتمے کیلیے جاری مذاکرات کی کاوشوں کا خیرمقدم اور حمایت کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان خطے کے امن واستحکام کے مفاد میں مشرق وسطی میں جنگ کے خاتمے کے لیے مذاکرات کی جاری کوششوں کا خیرمقدم اور مکمل حمایت کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ امریکا اور ایران کی رضامندی کے بعد پاکستان مشرق وسطی میں جاری تنازع کے جامع تصفیے کے لئے بامعنی مذاکرات کی سہولت فراہم کرنے اور میزبانی کیلیے تیار ہے۔ وزیراعظم نے مزید لکھا کہ پاکستان اس معاملے میں ثالث کا کردار ادا کرنے کو اپنے لیے اعزاز سمجھتا ہے۔ قبل ازیں فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر نے امریکی صدر سے ٹیلی فونک رابطہ کیا جس کی ترجمان وائٹ ہاس نے بھی تصدیق کردی۔ ترجمان وائٹ ہاؤس نے بتایا کہ صدر ٹرمپ اور پاکستانی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے مابین ٹیلی فونک ہوئی اور یہ حساس سفارتی بات چیت ہے۔ دوسری جانب عالمی میڈیا نے دعوی کیا ہے کہ ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے بھی امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے مذاکرات کی پیشکش کا خیرمقدم کیا اور بات چیت پر رضامندی ظاہر کردی ہے۔گزشتہ روز مختلف میڈیا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر37

مشرق وسطی میں پاکستان کا ثالثی کردار قابل ستائش ہے، چینی سفیر

مشرق وسطی کی صورتحال میں چین یکطرفہ اقدامات اور طاقت کی سیاست کیخلاف ہے

چین طاقت کی بجائے بات چیت کے ذریعے تنازعات کے حل کا حامی ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد(ویب ڈیسک) چینی سفیر جیانگ زی ڈونگ نے کہا ہے کہ مشرق وسطی میں پاکستان کا ثالثی کردار قابل ستائش ہے۔اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے چینی سفیر کا کہنا تھا کہ چین طاقت کی بجائے بات چیت کے ذریعے تنازعات کے حل کا حامی ہے۔انہوں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر39

سندھ کے وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ اور چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ نے کراچی میں تغلق ہاؤس کا دورہ کیا

وزیر اعلیٰ سندھ کا سندھ سیکریٹریٹ اور تغلق ہاؤس کا اچانک دورہ

محکموں کی کارکردگی، جاری تزئین و آرائش کے کاموں اور ملازمین کی حاضری کا تفصیلی جائزہ لیا، چند افسران کی غیر حاضری پر اظہار برہمی

اگرچہ ملک کی مجموعی صورتحال کے باعث دفاتر میں ملازمین کی تعداد کم ہوئی ہے، لیکن اسے غیر حاضری کا بہانہ نہیں بنایا جانا چاہیے

ملازمین اپنی ذمہ داریاں ایمانداری اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیں، بروقت دفاتر پہنچیں اور کام پر مکمل توجہ دیں، سید مراد علی شاہ

دورے کے دوران تقریباً تمام صوبائی سیکریٹریز اپنے دفاتر میں موجود پائے گئے، منصوبہ مقررہ مدت میں جلد از جلد مکمل کیا جائے، وزیراعلیٰ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے منگل کی صبح سندھ سیکریٹریٹ اور تغلق ہاؤس (اولڈ سیکریٹریٹ) کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف محکموں کی کارکردگی، جاری تزئین و آرائش کے کاموں اور ملازمین کی حاضری کا تفصیلی جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ سندھ سب سے پہلے نیو سیکریٹریٹ پہنچے، جہاں چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ موجود تھے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے گراؤنڈ فلور پر زیرِ تعمیر کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کا معائنہ کیا اور ہدایت کی کہ اسے جدید ٹیکنالوجی اور مؤثر نظام سے آراستہ کیا جائے تاکہ انتظامی امور مزید بہتر بنائے جا سکیں۔ بعدازاں، انہوں نے تغلق ہاس کا دورہ کیا اور محکمہ اسکول ایجوکیشن، محکمہ داخلہ، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈپارٹمنٹ، مائنز اینڈ منرلز ڈپارٹمنٹ، چیف منسٹر انسپکشن ٹیم اور پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ (پی اینڈ ڈی) کے دفاتر کا معائنہ کیا۔ اس .....بقیہ صفحہ 3 نمبر26

معاشی پالیسیوں میں عوامی ریلیف کو ترجیح دی جائے، صدر مملکت

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے بوجھ کو کم سے کم رکھا جائے، آصف زرداری کی ہدایت

قیمتوں کے بوجھ کو کم سے کم رکھا جائے تاکہ عام آدمی کو سہولت فراہم کی جا سکے، صدر

اسلام آباد(ویب ڈیسک)صدرمملکت آصف علی زرداری نے معاشی پالیسیوں میں عوامی ریلیف کو ترجیح دی جانے کی ہدایت کردی۔ آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر خزانہ محمد اورنگ زیب اور دیگر وزرا نے ملاقات کی جس دوران امن وامان اور معاشی صورت حال پر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر32

وفاقی وزیرخزانہ قومی ایندھن کے ذخائر اور عالمی مارکیٹ کی ترقیات کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پچھلے تین سال سے آئین کی بالادستی کیلئے کھڑے ہیں، سلمان اکرم راجہ

راولپنڈی (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے تیسرے انجکشن لگانے کے حوالے سے پارٹی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر45

کراچی کی بولٹن مارکیٹ میں پیٹرول کی بڑھتی قیمتوں کے باعث سبزیاں فروخت نہ ہوسکیں

حافظ نعیم کا فیول سے چلنے والے پاور پلانٹس کی بندش کا مطالبہ



لاہور(ویب ڈیسک)امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے فیول سے چلنے والے پاور پلانٹس فوری طور پر بند کرنے کا مطالبہ کردیا۔لاہور سے جاری بیان میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر46

بلاول بھٹو اور آصفہ بھٹو کی سینیٹر شیری رحمٰن کی رہائش گاہ آمد

ان کی صاحبزادی ماروی خورشید ملک کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے

کراچی(ویب ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے سینیٹر شیری رحمان کی رہائش گاہ پر جاکر ان کی صاحبزادی ماروی خورشید ملک کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے سینیٹر شیری رحمان کے خاوند سید ندیم حسین سے بھی ان کی صاحبزادی ماروی خورشید ملک کے انتقال پر اظہار افسوس کیا۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور بی بی آصفہ بھٹو زرداری کے ہمراہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر29

منی لانڈرنگ کیس، وزیراعظم اور حمزہ کی بریت کیخلاف درخواست خارج

رجسٹرار آفس کا اعتراض برقرار، چیف جسٹس عالیہ نیلم نے درخواست ناقابل سماعت قرار دے کر مسترد کردی

لاہور(ویب ڈیسک) لاہور ہائیکورٹ نے منی لانڈرنگ کے مقدمے میں وزیراعظم شہباز شریف اور حمزہ شہباز کے خلاف درخواست پر رجسٹرار آفس کا اعتراض برقرار رکھتے ہوئے درخواست ناقابل سماعت قرار دے کر مسترد کردی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم نے 16 ارب روپے کی منی لانڈرنگ کے مقدمے میں وزیراعظم شہباز شریف اور حمزہ شہباز کی بریت کے خلاف درخواست پر سماعت کی۔ درخواست ایڈووکیٹ وشال احمد شاکر نے سینئر قانون دان عامر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر38

کراچی اس وقت بدترین رہنے والے شہروں میں آتا ہے اپوزیشن لیڈر سندھ

جب ڈمپر گردی کے حادثات بڑے تب سندھ حکومت نے تمام تر سیاسی جماعتوں کو بلایا گیا تھا، ہم نے ہمیشہ مسائل کو سیاسی نہیں بنایا بلکہ حل بتایا

وفاق کہہ رہا ہے کہ کے فور پر کام ہو رہا ہے لیکن کام نہیں ہو رہا۔ گل پلازہ پر جوڈیشل کمیشن ایم کیو ایم کے مطالبے پر بنا، علی خورشیدی

جب جمہوریت کے ثمرات عوام تک نہیں پہنچ رہے تو عوام سوال کرتے ہیں کہ ہم کیا کریں ایسی جمہوریت کا؟ اپوزیشن لیڈر سندھ

کراچی (ویب ڈیسک)سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر علی خورشیدی نے کہا ہے کہ ہم عوامی لوگ ہیں جو بات عوام کرتے ہیں ہم وہی کرتے ہیں۔ کراچی اس وقت بدترین رہنے والے شہروں میں آتا ہے۔ جب جمہوریت کے ثمرات عوام تک نہیں پہنچ رہے تو عوام سوال کرتے ہیں کہ ہم کیا کریں ایسی جمہوریت کا؟ ہماری بات کسی کو بری لگتی ہے تو لگنے دو۔ پری بجٹ سیشن پچھلے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر35

کراچی میں ٹریفک حادثات نہ تھم سکے، رواں سال 246 افراد جاں بحق

جاں بحق ہونے والوں میں 178 مرد، 33 خواتین، 26 بچے اور 9 بچیاں شامل ہیں، اعداد و شمار جاری

کراچی(ویب ڈیسک) کراچی میں ٹریفک حادثات کا سلسلہ تاحال نہ رک سکا، رواں سال کے آغاز سے اب تک مختلف حادثات میں مجموعی طور پر 246 افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں 178 مرد، 33 خواتین، 26 بچے اور 9 بچیاں شامل ہیں، جو شہر میں بڑھتے ہوئے ٹریفک مسائل کی سنگینی کو ظاہر کرتے ہیں۔ رواں سال ہیوی ٹریفک کے باعث 83 افراد اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے، مختلف حادثات میں ڈمپر کی ٹکر سے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر36

سچ دبانے سے امن نہیں بلکہ ظلم کو تقویت ملتی ہے، گورنر سندھ

سچ کے ساتھ کھڑے رہنا ہی ایک مہذب اور منصفانہ معاشرے کی پہچان ہے

پاکستان ہر فورم پر مظلوموں کی آواز بلند کرتا رہے گا، محمد نہال ہاشمی کا عالمی دن پر پیغام

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ محمد نہال ہاشمی نے ’’انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں اور متاثرین کے وقار کے لیے حق کے عالمی دن‘‘ پر پیغام میں کہا ہے کہ سچ کو دبانے سے امن نہیں بلکہ ظلم کو تقویت ملتی ہے۔ مظلوم اقوام کو انصاف اور سچ تک رسائی دینا عالمی برادری کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر28

کراچی: سید شفقت حسین شاہ شیرازی، صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی، حاجی محمد حنیف میمن، گورنر سندھ نہال ہاشمی سے ملاقات کررہے ہیں

آئی ایم ایف کا حیسکو اور سیپکو کی نجکاری کا مطالبہ حکومت متحرک ہوگئی

نجکاری کیلئے مالیاتی مشیروں کو ابتدائی طور پر 4 اہداف دیئے گئے، مالیاتی مشیروں نے سیپکو اور حیسکو کی انسپکشن رپورٹ کا ابتدائی مسودہ تیار کرنا تھا

مالیاتی مشیروں کو تمام اہداف وقت پر مکمل کرنے کی ہدایت‘ دونوں کمپنیوں کی نجکاری کے لیے مالیاتی مشیران نومبر 2025 میں مقرر کئے گئے تھے

کراچی (ویب ڈیسک)پاکستان کے عالمی مالیاتی ادارے کے ساتھ اقتصادی جائزہ ورچوئل مذاکرات جاری ہے۔ آئی ایم ایف کے مطالبے پر وفاقی حکومت سکھر اور حیدرآباد الیکٹرک کمپنیوں کی نجکاری کے لئے متحرک ہوگئی۔ مالیاتی مشیروں کو تمام اہداف وقت پر مکمل کرنے کی ہدایت کردی گئی۔ آئی ایم ایف نے سکھر اور حیدرآباد الیکٹرک کمپنیوں کی بروقت نج کاری کا مطالبہ کردیا، حکومت نے ڈسکوز کیلئے مقرر مالیاتی مشیران کو اہداف بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کردی، دونوں کمپنیوں کی نج کاری کے لیے مالیاتی مشیران نومبر 2025 میں مقرر کئے گئے تھے۔ سیپکو اور حیسکو کی نجکاری کے لیے مالیاتی مشیروں کو ابتدائی طور پر 4 اہداف دیئے گئے، مالیاتی مشیروں نے سیپکو اور حیسکو کی انسپکشن رپورٹ کا ابتدائی مسودہ تیار کرنا تھا۔ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر34

عید پر پاکستان ریلویز کی ریکارڈ کمائی تین دن میں کروڑوں روپے آمدن

عید کے پہلے دن 11 کروڑ روپے، دوسرے دن 17 کروڑ روپے جبکہ تیسرے دن 20 کروڑ روپے سے زائد آمدن حاصل ہوئی

اس کے علاوہ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران مسافر ٹرینوں سے مجموعی آمدن 1 ارب روپے سے تجاوز کرگئی‘ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی

لاہور(ویب ڈیسک) پاکستان ریلویز نے عید کے تین دنوں کے دوران مسافر ٹرینوں سے ریکارڈ آمدن حاصل کی، جسے حکام نے مثبت پالیسیوں کا نتیجہ قرار دیا ہے۔ ترجمان ریلویز کے مطابق عید کے پہلے دن 11 کروڑ روپے، دوسرے دن 17 کروڑ روپے جبکہ تیسرے دن 20 کروڑ روپے سے زائد آمدن حاصل ہوئی، اس کے علاوہ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران مسافر ٹرینوں سے مجموعی آمدن 1 ارب روپے سے تجاوز کرگئی۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کا کہنا ہے کہ یہ ریکارڈ آمدن ادارے کی بہتر حکمت عملی کا نتیجہ ہے، اور اس پر ریلوے انتظامیہ مبارکباد کی مستحق ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مسافروں کو مزید بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں، معیاری سہولیات اور مضبوط ٹریک مسافروں کا بنیادی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر31

سپریم کورٹ کراچی رجسٹری کی کارکردگی رپورٹ جاری

کراچی(ویب ڈیسک) سپریم کورٹ آف پاکستان کی کراچی رجسٹری کی کارکردگی سے متعلق رپورٹ جاری کردی گئی۔ رپورٹ کے مطابق 16 تا 19 مارچ کے دوران مجموعی طور پر 82 کیسز کے فیصلے کیے گئے، جسٹس محمد علی مظہر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر27

3 بڑے کھاد ساز اداروں کیلئے گیس کی بہتر ترسیل کے معاہدوں پر دستخط

کراچی(ویب ڈیسک) گیس کی پیداوار میں اضافے کے نئے دور کا آغاز ہونے جارہا ہے اس حوالے سے ماری انرجیز نے پاکستان سٹاک ایکسچینج کو مطلع کر دیا ہے۔ خط میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر25

CNG
THE SHAZAL PHARMACY
KPK

پشاور میں گیس کی قلت کی وجہ سی این جی اسٹیشنز پر لمبی قطاریں لگ گئیں

Daily Pakistan Bulletin Karachi
ABC Certified
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد — مینیجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

آپریشن غضب للحق میں مزید کامیابیاں

افغان رجیم کے خلاف جاری اپریشن غضب للحق میں پاکستان کی مسلح افواج کی جانب سے طالبان رجیم کو دھول چٹانے کا سلسلہ جاری ہے اور گزشتہ روز پاک فوج کو مزید کامرانیاں حاصل ہوئی ہیں۔ ترجمان پاک فوج کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق اس اپریشن میں اب تک 583 افغان طالبان ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ 795 افغان طالبان زخمی ہیں۔ اسی طرح افغانستان کے اندر 242 چیک پوسٹیں تباہ کی گئی ہیں۔ ان میں 33 پوسٹوں کو قبضے میں لے کر تباہ کیا گیا۔ اپریشن کے دوران طالبان رجیم کے 213 ٹینک، بکتر بند گاڑیاں اور توپیں بھی تباہ ہوئی ہیں۔ افغانستان میں پاک فوج کی جانب سے 64 مقامات کو فضائی کارروائیوں میں نشانہ بنایا گیا ہے۔ بے شک پاکستان کو ایک بار پھر دہشت گردی کے سنگین چیلنج کا سامنا ہے جس کے تدارک کے لیے سکیورٹی فورسز نے فیصلہ کن کارروائیوں کا آغاز کیا ہے۔ آپریشن غضب للحق اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے جو درحقیقت پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور بقا کا تقاضا بن چکا ہے اور اس امر کا واضح اعلان ہے کہ پاکستان اب اپنی سرزمین کے دفاع کے معاملے میں کسی مصلحت کا شکار نہیں ہوگا۔

یہ امر افسوسناک ہے کہ پاکستان کی جانب سے بارہا مطالبات اور واضح شواہد پیش کیے جانے کے باوجود افغان طالبان کی موجودہ حکومت اپنی سرزمین کو دہشت گرد تنظیموں کے لیے محفوظ پناہ گاہ بننے سے روکنے میں ناکام رہی ہے۔ اطلاعات کے مطابق افغان سرزمین سے فتنۃ الخوارج اور فتنۃ الہندوستان جیسے دہشت گرد گروہ مسلسل پاکستان کے خلاف کارروائیاں کررہے ہیں۔ ان عناصر کو افغان سرزمین پر سہولتیں اور پناہ گاہیں میسر ہونا نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے امن کے لیے خطرہ ہے۔ پاکستان کی سکیورٹی فورسز نے اس خطرے کا بروقت ادراک کرتے ہوئے خیبر پختونخوا اور پنجاب کے مختلف علاقوں میں انٹیلی جنس بنیادوں پر کارروائیاں کی ہیں جس کے نتیجے میں 17 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ یہ کارروائیاں اس عزم کا اظہار ہیں کہ پاکستان دہشت گردی کے ناسور کو دوبارہ سر اٹھانے کی اجازت نہیں دے گا۔ تاہم لکی مروت میں ہونے والا دھماکہ، جس میں دو شہری جاں بحق ہوئے، اس حقیقت کی یاددہانی بھی ہے کہ دہشت گرد عناصر ابھی مکمل طور پر ختم نہیں ہوئے اور ان کے خلاف مسلسل اور مربوط کارروائی کی ضرورت ہے۔ اس صورتحال میں قومی اتحاد اور یکجہتی کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ کسی ایک ادارے یا حکومت کی نہیں بلکہ پوری قوم کی جنگ ہے۔ ماضی کے تجربات یہ ثابت کر چکے ہیں کہ جب قوم اور ریاست ایک صفحے پر کھڑی ہوتو دہشت گردی جیسے بڑے خطرات کو بھی شکست دی جا سکتی ہے۔ یقیناً پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ ممکن نہیں۔ ریاست کا اولین فرض اپنے شہریوں کے جان ومال کا تحفظ ہے اور اس مقصد کے لیے افواج پاکستان ہر وہ ضروری اقدام اٹھارہی ہیں جو دفاع وطن کے لیئے ناگزیر ہے۔

ایرانی معصوم بچوں کی چیخیں آسمان تک

مطلوب احمد وڑائچ

امریکہ اور اسرائیل نے اپنے پہلے ہی حملے میں ایک پرائمری اسکول کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں معصوم بچوں اور اساتذہ سمیت تقریباً 183 افراد شہید ہو گئے۔ ان شہید ہونے والی بچیوں کو کل کو مائیں، ڈاکٹر، انجینئر، سائنسدان اور قومی لیڈر بننا تھا، انہیں معاشرے میں اپنا کردار ادا کرنا تھا۔

انسانی حقوق کی وہ تمام تنظیمیں جو پاکستان سمیت افریقہ، یورپ، آسٹریلیا، شمالی امریکہ اور جنوبی امریکہ میں انسانی حقوق کی علمبردار بنی ہوئی ہیں، ان کا اس سانحے پر کیا موقف ہے؟ پاکستان میں بھی ایسی خواتین اور تنظیموں کی کمی نہیں جو انسانی حقوق کے لیے بڑھ چڑھ کر آواز بلند کرتی ہیں۔ این جی اوز کی بھی کمی نہیں جو مختلف معاملات پر سرگرم نظر آتی ہیں۔ لیکن اکثر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ بڑی عالمی تنظیموں جیسے یونائیٹڈ نیشن، ورلڈ بینک، ایشین ڈویلپمنٹ بینک، یورپی یونین اور ہیومن رائٹس کی بے شمار تنظیمیں اور این جی اوز سے فنڈز حاصل کرنے کے لیے تو بڑے بڑے مظاہرے کیے جاتے ہیں، پریس کلبوں اور اسمبلیوں کے سامنے انسانی حقوق اور بچوں کے نام پر آوازیں بلند کی جاتی ہیں، لیکن ایسے سانحات پر خاموشی اختیار کرلی جاتی ہے۔

یورپ کے ممالک جیسے جرمنی، فرانس، اٹلی، سپین، پرتگال اور سوئٹزرلینڈ میں بھی کہیں اس واقعے کے خلاف بچوں کے حق میں نمایاں آواز سنائی نہیں دی۔ سوال یہ ہے کہ کیا ایران کے بچے بچے نہیں تھے؟ بچے تو سب کے ایک جیسے ہوتے ہیں، معصوم اور بے گناہ۔

جب پاکستان میں آرمی پبلک سکول پشاور ایک کا سانحہ پیش آیا تھا تو اس میں 132 بچے اور 15 اساتذہ شہید ہوئے تھے۔ اس وقت پوری دنیا کئی مہینوں تک سوگ میں ڈوبی رہی۔ میں اس وقت یورپ میں تھا اور وہاں کے لوگ مجھ سے بار بار پوچھتے تھے کہ وہ کون لوگ تھے جنہوں نے معصوم بچوں پر حملہ کیا۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ دن طالبان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن تھا۔ اس کے بعد یورپ نے طالبان کو ایک عام سیاسی قوت کے طور پر قبول کرنا تقریباً چھوڑ دیا تھا۔

ان بچوں کو کسی حد تک انصاف ملا کیونکہ بعد میں ان کے قاتلوں کو گرفتار بھی کیا گیا۔ لیکن آج جو 183 بچے شہید ہوئے ہیں، ان کا کیا قصور تھا؟ بچے تو بچے ہوتے ہیں، وہ پرائمری کلاس کے طالب علم تھے اور ہر گناہ سے پاک تھے۔ سوال یہ ہے کہ غلطی کس کی ہے، جرم کس کا ہے اور سزا کسے ملنی چاہیے؟ مگر ایک بات واضح ہے کہ سزا معصوم بچوں کو ہرگز نہیں ملنی چاہیے۔

آپ کی دشمنی اگر ایران سے ہے تو اس کی فوجی تنصیبات پر حملہ کریں، اس کے جوہری پروگرام کو نشانہ بنائیں۔ عوام اس زمرے میں نہیں آتے کہ ان پر حملہ کیا جائے۔ اقوام متحدہ کے منشور کے مطابق بچوں اور عورتوں کو خصوصی تحفظ حاصل ہوتا ہے، مگر کسی ایک شخص کے منہ سے یہ نہیں نکلا کہ ان بچوں کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔

البتہ دنیا کی غیرت اس وقت جاگ اٹھتی ہے جب ایران میں ریاست کے خلاف بغاوت کرنے والوں کو آئین کے مطابق سزا سنائی جاتی ہے۔ تب دنیا بھر میں جلوس نکلتے ہیں اور بیانات جاری ہوتے ہیں۔

ایران کے حوالے سے مزید بات کرنے سے پہلے افغانستان کی صورتحال پر بھی نظر ڈالنا ضروری ہے، جہاں عورتوں کے خلاف نہایت سخت اور ظالمانہ قوانین بنائے گئے ہیں، مگر اس پر بھی مجرمانہ خاموشی اختیار کی گئی ہے۔ ان قوانین کے مطابق عورت اپنے شوہر کے ہر حکم کی پابند ہے۔ شوہر کو یہ اختیار بھی دیا گیا ہے کہ وہ حکم عدولی پر بیوی اور بچوں کو تشدد کا نشانہ بنا سکتا ہے۔ اس کے خلاف کارروائی اسی صورت میں ہوگی جب ہڈی ٹوٹ جائے یا گہرا زخم آ جائے، اور وہ سزا بھی زیادہ سے زیادہ تین ماہ قید تک محدود رکھی گئی ہے۔ اگر کوئی شادی شدہ عورت شوہر کی اجازت کے بغیر اپنے رشتہ داروں سے ملنے جائے تو اسے تین ماہ تک قید کی سزا دی جاسکتی ہے۔

ضابطے کی ایک شق معاشرے کو چار طبقات علما، اشرافیہ، متوسط طبقہ اور نچلا طبقہ میں تقسیم کرتی ہے، اور ایک ہی جرم کی سزا ملزم کی سماجی حیثیت کے مطابق طے کی جاتی ہے۔ گویا انصاف کی آنکھوں پر پٹی نہیں بلکہ طبقاتی عینک چڑھا دی گئی ہے۔ اگر کوئی عالم دین جرم کرے تو محض نصیحت کافی سمجھی جائے گی، اشرافیہ کو مشورہ دے کر چھوڑ دیا جائے گا، متوسط طبقے کو قید کی سزا ہوگی، جبکہ نچلے طبقے کو قید کے ساتھ جسمانی سزا بھی دی جا سکے گی۔ سنگین جرائم میں جسمانی سزا اصلاحی اداروں کے بجائے مذہبی علما نافذ کریں گے۔ یہ منظر کسی قرونِ وسطیٰ کی داستان معلوم ہوتا ہے، مگر یہ آج کے افغانستان کی حقیقت ہے۔

دنیا کا المیہ یہ ہے کہ کہیں اور کسی عورت کو سزا ملے تو عالمی ضمیر جاگ اٹھتا ہے۔ احتجاج ہوتے ہیں، قراردادیں پیش کی جاتی ہیں اور بیانات جاری ہوتے ہیں۔ ہونا بھی چاہیے، کیونکہ ظلم جہاں بھی ہو اس کے خلاف آواز بلند ہونی چاہیے۔ مگر افغانستان میں جو کچھ ہو رہا ہے، اس پر عالمی سطح پر وہ شدت دکھائی نہیں دیتی۔

مجھے خود ان کی ہولناک کارروائیوں اور ذہنیت کا سامنا کرنا پڑا۔ جب میں نے ان کے بارے میں ایک کتاب TALIBAN TheGlobalThreat (طالبان عالمی امن کے لیے خطرہ) لکھی اور ان کے نظریاتی تضادات اور ریاست دشمن سرگرمیوں کو بے نقاب کیا تو وہ میرے درپے ہو گئے۔ باقاعدہ دھمکیاں دی گئیں، یہاں تک کہ میرے بچوں کے تعلیمی اداروں تک پیغامات پہنچائے گئے۔ اس دور میں ان کے خلاف آواز اٹھانا آسان نہ تھا۔ کئی حلقوں میں خوف اس قدر سرایت کر چکا تھا کہ کوئی کھل کر بات کرنے کو تیار نہ تھا۔ ذرائع ابلاغ میں بھی بعض اوقات ان عناصر کے لیے نرم اصطلاحات استعمال کی جاتی تھیں، جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ انہوں نے بیانیے کو کس حد تک متاثر کر رکھا تھا۔

ایران کے ساتھ جو تنازع کھڑا کیا گیا ہے، اس میں امریکہ کو اس دور سے باہر نکلنا ہوگا کہ وہ دنیا میں اکیلا چوہدری بن سکتا ہے۔ اب ہم سنہ 2026 میں جی رہے ہیں۔ اس دور میں رہنے کے لیے موجودہ تقاضوں کے مطابق چلنا ہوگا۔ آج کی دنیا میں جس کے پاس وسائل اور طاقت ہے وہ اپنا اثر رکھتا ہے۔ آپ کے سامنے شمالی کوریا کی مثال موجود ہے، جسے کبھی اس طرح روکنے کی کوشش نہیں کی گئی۔ دوسری طرف اسرائیل کی آبادی سات ملین کے لگ بھگ ہے، یعنی پورا ایک کروڑ بھی نہیں بنتی، مگر پوری دنیا کے مفادات اس کے ساتھ جوڑ دیے گئے ہیں۔

اصل مسئلہ یہ ہے کہ اسرائیل دراصل امریکہ کے ہاتھ میں بند اس جن کی مانند ہے جسے وہ بوتل میں قید رکھتا ہے۔ جب امریکہ کو کسی ملک کے حکمران تنگ کرتے ہیں یا اس کے مطالبات ماننے سے انکار کرتے ہیں تو وہ اس جن کو کچھ دیر کے لیے بوتل سے باہر نکالتا ہے۔ وہ سب کو ڈراتا ہے، اور پھر امریکہ کو امداد، ڈالر اور تیل ملنا شروع ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد وہ دوبارہ اس جن کو بوتل میں بند کر دیتا ہے اور ڈھکن لگا دیتا ہے، اور دنیا کے کچھ لوگ خوشی سے تالیاں بجاتے ہیں کہ امریکہ نے ہماری مدد کی۔ یہ سلسلہ اس وقت تک چلتا رہے گا جب تک ایران جیسا کوئی دوسرا ملک آگے بڑھ کر اس کے سامنے کھڑا نہیں ہو جاتا۔ ایران اپنے حصے کا کردار ادا کر رہا ہے۔ اب دنیا کے دوسرے ممالک کو بھی آگے آنا ہوگا اور ان معصوموں کے خون کا حساب لینا ہوگا۔ ہر ملک کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے انداز، اپنے طریقے، اپنی ثقافت اور اپنی صدیوں پرانی روایات کے مطابق زندگی گزارے۔ ایران رستم اور سہراب کی سرزمین ہے اور اس کی تہذیب چھ سات ہزار سال پرانی ہے، اسے آسانی سے بدلا نہیں جا سکتا۔ اس کے مقابلے میں امریکہ خود کسی ایک قدیم تہذیب یا قوم کا نام نہیں بلکہ مختلف قوموں کا مجموعہ ہے۔

بچوں کے معاملے میں جو کچھ ہوا ہے اس پر اقوام متحدہ کو کردار ادا کرنا چاہیے، مگر حقیقت یہ ہے کہ یہ ادارہ اکثر ایک ایسی بانجھ گائے کی مانند محسوس ہوتا ہے جو چارہ اور وسائل تو کھاتی ہے مگر دیتی کچھ نہیں نہ دودھ، نہ مکھن اور نہ دہی۔

ایران کے سینکڑوں معصوم بچوں کی شہادت کے بعد اگر عالمی رائے عامہ اب بھی بیدار نہیں ہوئی تو کیا پھر انسانی حقوق کی تنظیمیں اس وقت بیدار ہوں گی جب پوری دنیا میں خطرناک نیوکلیئر بم پھٹ چکے ہوں گے؟ صرف ایک مسلم ہی نہیں انسان ہونے کے ناطے میری انسانیت کے ٹھیکیداروں سے استدعا ہے کہ ایرانی بچوں کے ان قاتلوں کو انصاف کے کٹہرے تک ضرور لایا جائے تاکہ آئندہ کسی کو ہٹلر ثانی بننے کی جرات نہ ہو۔

اگر سیکھنا چاہیں تو

سرفراز راجا

بھارتی کرکٹ ٹیم 1983 کا ورلڈ کپ کھیلنے برطانیہ پہنچتی ہے تو ان کو ہوٹل لیجانے کیلئے بس تک ایئرپورٹ پر موجود نہیں ہوتی، کھلاڑی سڑک کنارے بیٹھ کر گاڑی کا انتظار کرتے ہیں، بھارتی کرکٹ بورڈ کے نمائندوں کیلئے ورلڈ کپ فائنل کے پاس بار بار کی درخواستوں کے باوجود نہیں دیئے جاتے اور پھر اسی ٹورنامنٹ میں بھارتی ٹیم اس وقت کی کرکٹ کی سپر پاور ویسٹ انڈیز کو شکست دیکر عالمی چیمپئن بن جاتی ہے۔ آج 2026 میں بھارتی ٹیم تیسری بار بیس بیس اوورز کے ٹورنامنٹ کی عالمی چیمپئن بن چکی، گزشتہ تین سال کے دوران وہ دوسری بار عالمی چیمپئن بنے چیمپئنز ٹرافی اور ایشیا کپ جیتے۔ چار آئی سی سی مقابلوں میں وہ صرف دو میچ ہارے، یہ تو ٹیم کی کارکردگی کی بات ہے، بھارتی بورڈ کو دیکھا جائے تو وہ دنیا کا امیر ترین کرکٹ بورڈ ہے، بھارتی کرکٹ بورڈ بی سی سی آئی دنیا کی کرکٹ کو چلاتا ہے، دوسرے بورڈز مالی لحاظ سے بھارتی بورڈ پر انحصار کرتے ہیں اور جو بورڈ مالی خسارے میں جارہے ہوتے ہیں انکی بھارت کی ساتھ ایک دوطرفہ سیریز کرادی جاتی ہے جس سے اس بورڈ کی مالی مشکلات دور ہوجاتی ہیں۔ یہ سب کیسے ہوگیا یہ ایک بڑی کامیابی کی کہانی ہے جس میں سیکھنے کو بہت کچھ ہے۔

نوے کی دہائی کے آغاز میں جب جنوبی افریقہ پر کرکٹ کھیلنے کی پابندیاں ختم ہوئیں تو بھارت کیساتھ ان کی دوطرفہ سیریز کا انعقاد کیا گیا۔ اس سے پہلے ٹی وی پر میچز دکھانے کیلئے سرکاری ٹی وی کی خدمات لی جاتیں اور میچز دکھانے کیلئے رقم تک بھی ادا کی جاتی لیکن بھارت جنوبی افریقہ سیریز میں پہلی بار میچز کے میڈیا رائٹس فروخت کئے گئے یعنی میچز دکھانے کیلئے رقم وصول کی گئی اور یوں کرکٹ بورڈز کو کمائی کا ایک بڑا ذریعہ مل گیا۔ ٹی وی پر میچز دکھانے کے رائٹس تبھی زیادہ مہنگے فروخت ہوسکتے تھے جب لوگ بھی زیادہ دیکھیں اور زیادہ لوگوں کو ٹی وی کے سامنے لانے کیلئے ضروری تھا ٹیم جیتے، اس کے لئے کرکٹ کے نظام کو نچلی سطح پر مضبوط بنایا گیا تاکہ بہترین کھلاڑی سامنے آسکیں۔ بھارتی ڈومیسٹک کرکٹ کا ڈھانچہ اتنا مضبوط ہے کہ ان کے ہر بڑے سے بڑے کھلاڑی کیلئے قومی سطح پر ہونیوالے ٹورنامنٹس کھیلنا ضروری کردیا گیا ہے اور یہی بنیادی کرکٹ ڈھانچے کی مضبوطی ہے جس نے آج کے دن تک بھارتی کرکٹ ٹیم کو لگ بھگ ناقابل شکست بنادیا ہے۔

دوسری جانب پاکستان بھی بھارت کے نو سال بعد 1992 میں ورلڈ کپ جیتنے میں کامیاب ہوا۔ اس کے بعد 2009 میں بیس اوورز کا ورلڈ کپ اور 2017 میں چیمپئنز ٹرافی بھی جیتا لیکن پاکستان کرکٹ اس تمام عرصے میں عروج وزوال کا شکار ہوتی رہی اور آج صورتحال یہ ہے کہ پاکستان کرکٹ نیچے سے نیچے جارہی ہے لوگ اسمیں دلچسپی کھورہے ہیں۔ بھارت کے بعد پاکستان سب سے زیادہ شائقین کرکٹ والا ملک ہے۔ یہاں کرکٹ دیکھنے والوں کی کروڑوں کی مارکیٹ ہے پیسہ بھارت کی طرح پاکستان کرکٹ میں بھی آیا لیکن وہاں پیسے کو کرکٹ کے نظام کی بہتری پر لگایا گیا اور ہمارے یہاں کرکٹرز پر اور نتیجہ یہ نکلا کہ ہمارے یہاں کرکٹرز کی ترجیح پیسہ بن گیا، یہ بات سابق ڈائریکٹر پاکستان کرکٹ محمد حفیظ نے بھی بتائی جن کا کہنا تھا کہ ہمارے ڈریسنگ روم میں کھلاڑی کرکٹ کی بجائے اس پر بات کررہے ہوتے ہیں کہ کونسی گاڑی کا کونسا نیا ماڈل آگیا ہے اور کون کس لیگ میں کھیلنے کے کتنے پیسے لے رہا ہے۔ بالکل، بات ایسی ہی ہے ہمارے یہاں ڈومیسٹک کرکٹ ختم ہوکر رہ گئی ہے اور بہت سے سابق کرکٹرز اس کا الزام سابق وزیراعظم عمران خان کو دیتے ہیں جنہوں نے ڈیپارٹمنٹس کو ختم کرکے شہروں کی ٹیمیں بنوائیں۔ ڈیپارٹمنٹس میں نئے کھلاڑیوں کو ملازمتیں دی جاتیں اور وہ کھلاڑی اس ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم میں کھیلنے کے پابند ہوتے لیکن شہروں کی ٹیموں پر مشتمل ڈومیسٹک کرکٹ کو مشہور ہوجانیوالے کھلاڑی سنجیدہ ہی نہیں لیتے۔ اوپر سے ہمارے سلیکشن کے معیار میں ڈومیسٹک کرکٹ کہیں نہیں، یہاں سالہا سال اچھی کارکردگی دکھانے والے کھلاڑی ٹیم میں جگہ نہیں بناپاتے جبکہ لیگز میں اکا دکا پرفارمنس پر کوئی بھی نیا کھلاڑی جس نے کبھی ڈومیسٹک کرکٹ نہ کھیلی ہو قومی ٹیم میں جگہ بنالیتا ہے اور پھر اس پر عالمی لیگز کے دروازے کھلنا شروع ہوجاتے ہیں اور پیسے کی فراوانی بھی، اس سب میں قومی ٹیم اور پاکستان کرکٹ کہیں پیچھے رہ جاتے ہیں۔

بھارتی کرکٹ کی کامیابی اور پاکستان کرکٹ کی ناکامی دونوں میں سیکھنے کو بہت کچھ ہے، کرکٹ وہ کھیل ہے جو پاکستان میں اتنا زیادہ کھیلا اور دیکھا جاتا ہے کہ اس کی وجہ سے یہاں دوسرے کھیل لگ بھگ ختم ہوچکے ہیں، لیکن یہ افسوسناک ہے کہ ہم اس ملک کے مقبول ترین کھیل کو اس سطح پر لے آئے ہیں جہاں اب لوگ اس میں دلچسپی کھورہے ہیں۔ سیکھنے کی کوئی حد ہوتی ہے نہ کوئی مقام۔ بدترین دشمن اور بڑے سے بڑے مخالف سے بھی بہت کچھ سیکھا جاسکتا ہے بھارتی کرکٹ کی کامیابیوں سے ہم بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں اگر سیکھنا چاہیں تو۔

منصوبہ سازوں کی ناکامی اور عالمی معیشت کی داستان

شاہنواز سیال

28 فروری کی علی الصبح جب امریکہ اور اسرائیل کے جنگی طیاروں نے تہران کی فضاؤں میں گرجنا شروع کیا تو ان کے منصوبہ سازوں کو یقین تھا کہ وہ ایک ایسی مہم کا آغاز کررہے ہیں جو چند گھنٹوں میں ختم ہو جائے گی ان کا خیال تھا کہ رہبر اعلی کی شہادت کے ساتھ ہی ایرانی مزاحمت کار ہتھیار ڈال دیں گے اور عوام خوش آمدید کہتے ہوئے اقتدار کی تبدیلی کا جشن منائیں گے لیکن وہ اس بنیادی حقیقت سے غافل تھے کہ ایران کی نسل نو رہبر اعلی کی نگرانی میں پروان چڑھی ہے اور اسے "تسلیم" کا لفظ سکھایا ہی نہیں گیا۔ آج جب اس جنگ کو ایک ہفتہ گزر گیا ہے اور صورتحال یہ ہے کہ خود امریکی صدر کو وائٹ ہاوس میں پادریوں کو طلب کر کے توہم پرستی کا سہارا لینا پڑا ہے اور اسرائیلی وزیراعظم کی گمشدگی ایک معمہ بنی ہوئی ہے یہ وہ نشانیاں ہیں جو بتاتی ہیں کہ جنگ کا پانسا الٹ چکا ہے۔

خبر رساں اداروں کے مطابق اس کارروائی میں امریکہ اور اسرائیل نے صرف رہبر اعلی اور ان کے خاندان کو نشانہ نہیں بنایا بلکہ شہر میناب میں معصوم لڑکیوں کے اسکول پر میزائل برسا کر 200 کے قریب بچیوں کو شہید کردیا ہے یہ سفاکی نہ صرف جنگی جرائم کے تمام معیارات کی دھجیاں اڑانے والی ہے بلکہ اس نے ایرانی قوم کے عزم کو فولادی بنادیا ہے ایرانی افواج نے دندان شکن جوابی کارروائی کرتے ہوئے نہ صرف اپنے دفاع کا حق ادا کیا ہے بلکہ امریکی حکمت عملی سازوں کو یہ باور کرادیا کہ ایران کو کمزور سمجھنا اب تک کی سب سے بڑی غلطی تھی۔ ایران نے اس جنگ کو صرف میزائل اور ڈرون تک محدود نہیں رکھا بلکہ اسے معاشی میدان میں منتقل کرتے ہوئے آبنائے ہرمز پر کنٹرول حاصل کیا ہے جس سے دنیا کی 30 فیصد تیل اور گیس کی ترسیل اسی 35 کلومیٹر کی آبی گزرگاہ سے ہوتی ہے ایران آبنائے ہرمز بند کرکے اعلان کیا ہے کہ صرف دوست ممالک کو تیل کی ترسیل کی اجازت ہوگی جس کے نتیجے میں عالمی منڈی میں تیل کی قلت پیدا ہوگئی ہے۔ ماہرین معاشیات کے مطابق اگر یہ صورت حال 10 مارچ تک برقرار رہی تو تیل کی قیمت 150 ڈالر فی بیرل تک پہنچ سکتی ہے قطر جیسے ممالک نے خبردار کیا ہے کہ اگر فوری طور پر صورتحال بحال نہ ہوئی تو تیل کا بحران دنیا بھر کو سنگین معاشی تباہی کی طرف دھکیل دے گا عرب دنیا سمیت متعدد ممالک ایران اور امریکہ کو مذاکرات پر آمادہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں سعودی عرب سمیت خلیجی ممالک اس جنگ سے کنارہ کشی کا اعلان کرچکے ہیں۔ صرف ایک ہفتے میں امریکی اسٹاک ایکسچینج سے 800 بلین ڈالر کا سرمایہ تباہ ہو چکا ہے دبئی، جو کبھی دنیا کی سب سے محفوظ پناہ گاہ تصور کیا جاتا تھا آج وہاں سے سرمایہ نکاسی کا طوفان برپا ہے امیر تاجر اپنا سب کچھ چھوڑ کر جلد از جلد دبئی سے نکلنے کی دوڑ میں شامل ہیں اس جنگ نے خلیجی ممالک کو براہ راست نشانے پر لا کھڑا کیا ہے جہاں ایرانی میزائل کی زد میں آنے والے اہداف نے ان ممالک کی معیشت کو غیر یقینی صورتحال سے دوچار کر دیا ہے۔ بحرین کی سڑکوں پر عوام حکمرانوں کے خلاف نکل آئے ہیں کویت اور عراق میں امریکی سفارتخانوں کو نشانہ بنایا جارہا ہیا ور لبنان کی سرحدوں سے اسرائیل پر حملے ہورہے ہیں یہ وہ منظر ہے جو امریکی منصوبہ سازوں نے کبھی اپنے خوابوں میں بھی نہیں دیکھا تھا۔ جنگ کے معاشی اثرات ہندوستان، پاکستان اور بنگلہ دیش جیسے ممالک پر واضح ہونے لگے ہیں ان ممالک میں گھریلو استعمال کی گیس کی قیمتوں میں اضافہ کردیا گیا ہے جو اس بات کی علامت ہے کہ حکومتیں مہنگائی پر قابو پانے میں ناکام رہی ہیں ہندوستان اپنی 50 فیصد سے زائد ضروریات تیل کے لیے آبنائے ہرمز پر انحصار کرتا ہے اور تیل کی قیمتوں میں ہر 10 ڈالر کا اضافہ اس کے کرنٹ اکاونٹ خسارے میں 50 بیسس پوائنٹس کا اضافہ کرتا ہے۔ امریکہ اگرچہ تیل برآمد کرنے والا ملک ہے لیکن بین الاقوامی منڈی میں قیمتوں میں اضافہ اس کی اندرونی معیشت کو بھی شدید متاثر کررہا ہے ماہرین کے مطابق تیل کی قیمت میں 10 ڈالر فی بیرل کا اضافہ امریکی معیشت کی ترقی کی شرح میں 10 سے 20 بیسس پوائنٹس کی کمی کا باعث بن سکتا ہے اندازہ لگایا جارہا ہے کہ امریکہ پر اس جنگ کا یومیہ اخراجات 1 بلین ڈالر سے تجاوز کر گئے ہیں۔ یہ جنگ محض ایران اور امریکہ کے درمیان تصادم کی حد تک نہیں رہی بلکہ عالمی معیشت کی بقا کی جنگ بن چکی ہیا ایران نے اپنی اس حکمت عملی سے ثابت کر دیا ہے کہ وہ نہ صرف میدان جنگ میں بلکہ معاشی میدان میں بھی سپر پاورز کو چیلنج کرسکتا ہے اگر یہ جنگ طول پکڑتی ہے تو ماہرین کو اندیشہ ہے کہ دنیا کو 1970 کی دہائی کے تیل کے بحران سے بھی زیادہ تباہ کن صورتحال کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

شہر قائد

ضلع شرقی میں 154 ملین روپے کی لاگت سے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح

منصوبے کے تحت سیوریج نظام کی بہتری کے لیے اہم اقدامات کیے گئے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے ضلع شرقی میں کشمیر کالونی اور چنیسر ٹاؤن میں سڑکوں کی استرکاری، سیوریج، واٹر سپلائی اور پیور بلاکس سمیت ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کردیا، اس موقع پر ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد، کے ایم سی سٹی کونسل میں پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی، ڈپٹی پارلیمانی لیڈر دل محمد، ضلعی صدر اقبال ساند، ٹاؤن چیئرمین فرحان غنی، یوسی چیئرمین حامد، منتخب نمائندگان اور پارٹی کارکنان بھی موجود تھے۔ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلدیہ عظمیٰ کراچی کے تحت ضلع شرقی کی یوسی 1 تا 6 میں سڑکوں کی استرکاری کا منصوبہ سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے 2024-25 کے تحت مکمل کیا گیا ہے، انہوں نے بتایا کہ اس منصوبے پر مجموعی لاگت 154 ملین روپے ہے اور منصوبے کے تحت سیوریج نظام کی بہتری کے لیے اہم اقدامات کیے گئے ہیں جن میں 12 انچ قطر کی سیوریج لائن 3,160 آر ایف ٹی جبکہ 15 انچ قطر کی سیوریج لائن 6,969 آر ایف ٹی بچھائی گئی ہے، علاقے میں پانی کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے واٹر سپلائی لائن کی تنصیب بھی منصوبے کا حصہ ہے جس کے تحت 225 ایم ایم قطر کی واٹر لائن 295 آر ایف ٹی تک ڈالی گئی ہے، گلیوں اور سڑکوں کی بہتری کے لیے پیور بلاکس ورک بھی کیا گیا ہے اور 60 ایم ایم نیچرل کلر پیور بلاکس کے ذریعے 3,23,698 اسکوائر فٹ رقبے پر اسٹریٹ پیورنگ کا کام مکمل کیا گیا ہے، میئر کراچی نے بتایا کہ منصوبے کے تحت 51,161 اسکوائر فٹ سڑکوں پر اسفالٹ کارپٹنگ کی گئی ہے، کے ایم سی کی جانب سے ضلع شرقی کی متعدد یونینز میں سڑکوں کی استرکاری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے منصوبے شامل ہیں جس سے شہریوں کو بہتر انفراسٹرکچر میسر آئے گا، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے کیے گئے وعدوں کے مطابق کراچی میں ترقیاتی کاموں کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے۔

ترقیاتی کاموں کے تحت 700 گلیاں پیور بلاک سے پختہ

یونین کونسل نمبر 10 سیکٹر الیون جی میں پیور بلاک سے اہم شاہراہ کی تعمیر مکمل

کراچی (پ۔ر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان اور چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے سیکٹر 11 جی بلاک ایل میں پیور بلاک سے تعمیر ہونے والی سڑک کا افتتاح کردیا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر، امیر جماعت اسلامی ضلع شمالی طارق مجتبیٰ، مختلف یونین کونسلوں کے چیئرمین، وائس چیئرمین، کونسلرز، ٹاؤن افسران اور علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا کہ سندھ حکومت سیاسی تعصب کا شکار ہے۔ وہ خود تو کراچی میں خاطر خواہ ترقیاتی کام نہیں کر رہی لیکن جماعت اسلامی کے منتخب ٹاؤن چیئرمینوں پر بلاجواز تنقید کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے 25 ٹاؤنز میں سے جماعت اسلامی کے زیر انتظام نو ٹاؤنز میں محدود وسائل کے باوجود ریکارڈ ترقیاتی کام ہو رہے ہیں۔ نیو کراچی ٹاؤن میں ایک ہزار گلیوں کو پیور بلاک سے پختہ کرنے کے منصوبے کے تحت اب تک تقریباً سات سو گلیاں مکمل کی جا چکی ہیں جبکہ باقی گلیوں پر بھی تیزی سے کام جاری ہے۔

تعلیم ہی کسی بھی قوم کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، علی حسن بروہی

کراچی (پ۔ر) وائس چیئرمین یوسی 9 منگھوپیر ٹاؤن کراچی علی حسن بروہی نے گلشن سرجانی فیز 2 بلاک ایچ میں ایچ ایچ اسلامک اکیڈمی کی سالانہ تقریب تقسیم اسناد وانعامات سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیم ہی کسی بھی قوم کی ترقی اور روشن مستقبل کی ضمانت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی نسل کی دینی اور عصری تعلیم کے ساتھ بہترین اخلاقی تربیت وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔

فی زمانہ حضرت علیؓ کی سیرت سے رہنمائی لینے کی اشد ضرورت ہے، پیر ارشد کاظمی

کراچی (پ۔ر) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ خلیفۃ المومنین سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم وہ عظیم المرتبت ہستی ہیں جنہوں نے اپنی پوری زندگی اسلام کی سربلندی، حق وصداقت کے فروغ اور عدل و انصاف کے قیام کے لیے وقف کردی۔

افتتاح
1000-600 گلیوں کی تعمیر
الاخوان ماڈل

امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر، چیئرمین نیو کراچی ایم یوسف کے ہمراہ پیور بلاک سے تعمیر سڑک کا افتتاح کررہے ہیں

حکومت کی کفایت شعاری کی پالیسیاں صرف عوام تک محدود ہیں، حنیف طیب

مفت پیٹرول کا تخمینہ لگایا جائے تو سینکڑوں ارب روپے سالانہ تک پہنچ جائے گا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین نظام مصطفی پارٹی سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ حکومت کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو بڑھانے کے بجائے لیوی ٹیکس میں کمی کرکے عوام کو ریلیف دینا چاہیے تھا غیر ضروری سرکاری اخراجات، مفت پیٹرول و دیگر مراعات ختم کرکے مہنگائی میں توازن پیدا کیا جاسکتا تھا اب حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو مزید بڑھانے کا بھی عندیہ دے دیا ہے۔ ہر تھوڑے عرصے بعد پیٹرولیم مصنوعات کے بھاؤ کو بڑھانا کا فیصلہ انتہائی قابل مذمت ہے۔ ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ حکومت اب جو سادگی اپنانے کی باتیں کررہی ہیں یہ تو گزشتہ دو سال سے کی جارہی ہیں لیکن گزشتہ دو سال سے عمل درآمد کیوں نہیں کیا نہ گاڑیوں کے استعمال اور پروٹوکول میں کمی کی گئی، حکومت کی کفایت شعاری کی پالیسیاں صرف عوام تک محدود ہیں۔

جامع مسجد بلال مدرسہ تعلیم القرآن کے زیر اہتمام مستحقین میں راشن کی تقسیم

کراچی (پ۔ر) جامع مسجد بلال مدرسہ تعلیم القرآن کے زیر اہتمام مستحقین میں راشن کی تقسیم کی گئی، اس موقع پر مہتمم محمد ایوب اور ناظم اعلی محمد عدنان نے مستحق اور ضرورت مند خاندانوں میں راشن کے تھیلے تقسیم کیے۔ تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے ذمہ داران نے کہا کہ ماہ رمضان المبارک ایثار، ہمدردی اور خدمت خلق کا مہینہ ہے، اور اسی جذبے کے تحت سفید پوش اور مستحق خاندانوں کی مدد کے لیے یہ اقدام کیا گیا ہے تاکہ وہ بھی ماہ رمضان کی برکتوں میں شریک ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کے صاحب حیثیت افراد کو چاہیے کہ وہ آگے بڑھ کر غریب اور نادار افراد کی مدد کریں کیونکہ ضرورت مندوں کی کفالت اور مدد کرنا دین اسلام کی اہم تعلیمات میں شامل ہے۔ اس موقع پر علاقے کے معززین اور سماجی شخصیات بھی موجود تھیں جبکہ راشن کی تقسیم منظم انداز میں کی گئی، مستحقین نے اس فلاحی اقدام کو سراہتے ہوئے منتظمین کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

میئر کراچی مرتضیٰ وہاب ضلع شرقی کشمیر کالونی میں سڑکوں کی استرکاری، نکاسی آب اور پیور بلاکس سمیت ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کرنے کے بعد دعا کررہے ہیں

سندھ بھر سے

میرپورخاص: ڈویژنل ایکریڈیٹیشن کمیٹی کا اجلاس

رواں سال صحافیوں کو ایکریڈیٹیشن کارڈ جاری کرنے کے متعلق ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں تفصیلی غور کیا گیا

انفارمیشن افسران کی تصدیق اور کمیٹی اراکین کی اکثریت کی منظوری کے بعد صحافیوں کو کارڈز جاری کیے جائیں گے

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) ڈویژنل ایکریڈیٹیشن کمیٹی کا اجلاس ڈویژنل ڈائریکٹر اطلاعات میرپورخاص شبانہ چنہ کی صدارت میں ان کے دفتر میں منعقد ہوا جس میں رواں سال صحافیوں کو ایکریڈیٹیشن کارڈ جاری کرنے کے متعلق ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صحافیوں کو ایکریڈیٹیشن کارڈ ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں تمام مطلوبہ ضروری کوائف، درخواست فارم ادارے سے تصدیق کروا کر کمیٹی کی منظوری کے بعد جاری کیا جائے گا، ویب چینل، پی ڈی ایف اخبارات اور سوشل میڈیا کو ایکریڈیٹیشن کارڈ جاری نہیں کیا جائے گا. اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ میرپورخاص ڈویژن کے اضلاع عمرکوٹ اور تھرپارکر میں بھی متعلقہ انفارمیشن افسران کی تصدیق اور کمیٹی اراکین کی اکثریت کی منظوری کے بعد صحافیوں کو کارڈز جاری کیے جائیں گے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ کمیٹی اس بات کو بھی یقینی بنائے گی کہ ایسے اخبارات کے نمائندوں کو ایکریڈیٹیشن کارڈ جاری کیا جائے جو اخبارات اسٹالز پر موجود ہوں .اجلاس میں کمیٹی ممبران سینیئر صحافیوں سلیم آزاد، میرپورخاص پریس کلب کے صدر نظیر پنہور، جنرل سیکرٹری میرپورخاص پریس کلب شاہد خاصخیلی، این یو جے کے جنرل سیکرٹری سلیم شیخ، عمرکوٹ پریس کلب کے صدر غلام محمد کنبھر، مٹھی پریس کلب کے صدر کھاٹا جانی، ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن تھرپارکر سلیم جتوئی، ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر عمرکوٹ محمد اسلم بھٹی اور ڈپٹی ڈائریکٹر اطلاعات وسیکریٹری ایکریڈیشن کمیٹی میرپورخاص غلام رضا کھوسو نے شرکت کی۔

سوئی سدرن گیس میرپورخاص شہریوں کے لیے عذاب بن گیا

میرپورخاص (بیورو رپوٹ) سوئی سدرن گیس میرپورخاص شہریوں کے لیے عذاب بن گیا ایک جانب گیس کی بندش اور لوڈشیڈنگ دوسری جانب بلاجواز صارفین کو اضافی جرمانوں کے بل موصول اس پر ستم یہ کہ افسران دفاتر سے غائب صارفین ماتحت بدتمیز عملے کے رحم وکرم پر تفصیل کے مطابق شہر بھر کے سوئی سدرن گیس کے صارفین کو گیس کی بندش اور لوڈشیڈنگ کے باوجود اضافی بھاری جرمانوں کے بل موصول ہورہے ہیں ماہ رمضان اور شدید گرمی میں پانچ کلومیٹر سفر طے کرکے بل کی درستگی کے لیے جانے والے صارفین جب متعلقہ دفتر پہنچتے ہیں تو افسران دفتر سے غائب ہوتے ہیں۔

نواب شاہ: کمشنر شہید بینظیر آباد ڈویژن شمیر خان بھٹو منعقدہ پروگراموں کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

یوم علیؑ جلوس: صفائی ستھرائی، روشنی، طبی سہولیات اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ

نوابشاہ (ء۔آ) کمشنر شہید بینظیر آباد ڈویژن شمیر خان بھٹو کی زیر صدارت 21 رمضان المبارک یوم شہادت حضرت علیؑ کے موقع پر منعقد ہونے والے جلوسوں اور مجالس کے انتظامات کے حوالے سے ایک اجلاس کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا اجلاس میں شہید بینظیر آباد ڈویژن میں یوم علیؑ کے موقع پر نکالے جانے والے جلوسوں کے روٹس، سیکیورٹی انتظامات، ٹریفک پلان، صفائی ستھرائی، روشنی، طبی سہولیات اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر شہید بینظیر آباد ڈویژن شمیر خان بھٹو نے کہا کہ یوم شہادت حضرت علیؑ کے موقع پر عزاداروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ کمشنر نے اہل تشیع کے نمائندوں پر زور دیا کہ وہ ملکی حالات کے پیش نظر یوم علی؟ کے موقع پر منعقد ہونے والے پروگراموں کو مختصر کرتے ہوئے مغرب تک اختتام کریں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی آئی جی پولیس فیصل بشیر میمن نے کہا کہ یوم علی؟ کے موقع پر منعقد ہونے والے پروگراموں کے لیے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ مذہبی جماعتوں کے رہنما وعلماء کرام ڈویژنل، ضلع انتظامیہ اور پولیس سے تعاون کرتے ہوئے مجالس و ماتمی جلوس اور دیگر پروگرام جلدی شروع کریں۔

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عوام کا کردار انتہائی اہم ہے، نور مصطفیٰ لغاری

ٹنڈوالہیار (پاکستان بلیٹن) ڈپٹی کمشنر ٹنڈوالہیار نور مصطفیٰ لغاری نے عوام کو آگاہ کیا ہے کہ نیشنل انٹیلیجنس فیوژن اینڈ تھریٹ اسیسمنٹ سینٹر (NIFTAC) کی جانب سے دہشت گردی کے ممکنہ خطرات اور مشکوک سرگرمیوں کی بروقت اطلاع کے لئے کاؤنٹر ٹیررازم ہیلپ لائن 1719 کا آغاز کیا گیا ہے ڈپٹی کمشنر ٹنڈوالہیار نے ضلع کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے اردگرد کسی بھی مشکوک سرگرمی، ممکنہ دہشت گردی کے خطرے یا دہشت گردی سے متعلق کسی بھی واقعے کی فوری اطلاع ہیلپ لائن 1719 پر دیں تاکہ متعلقہ ادارے بروقت کارروائی کرسکیں اور امن و امان کو یقینی بنایا جا سکے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عوام کا کردار انتہائی اہم ہے۔

ٹنڈوالہیار میں پبلک ہیلتھ آفس میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

ٹنڈوالہیار (پاکستان بلیٹن) ٹنڈوالہیار میں پبلک ہیلتھ آفس میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس کے باعث دفتر میں موجود واٹر سپلائی کے پلاسٹک پائپوں نے بھی آگ پکڑ لی اور آگ مزید شدت اختیار کرگئی ریسکیو ذرائع کے مطابق آگ لگنے کے نتیجے میں لاکھوں روپے مالیت کے واٹر سپلائی کے پائپ جل کر خاکستر ہو گئے تاہم واقعے میں کسی قسم کے جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور آگ بجھانے کا عمل شروع کردیا گیا جبکہ صورتحال پر قابو پانے کے لئے دیگر شہروں سے بھی فائر بریگیڈ طلب کر لی گئی ہے۔

میڈیا ہاؤس
نوشہرو فیروز
MEDIA HOUSE
Naushahro Feroze

نوشہروفیروز: میونسپل چیئرمین ڈاکٹر کاشف میمن میڈیا ہاؤس پر پریس کانفرنس کررہے ہیں

محدود وسائل کے باوجود شہر کو خوبصورت بنانے کیلئے کوشاں ہوں، کاشف میمن

نوشہروفیروز (پاکستان بلیٹن) ہیڈ وارٹر ہونے کے باوجود میونسپل کا بجٹ ڈیڑھ کروڑ کے لگ بھگ ہے اور ہم محدود وسائل کو دیکھتے ہوئے شہر کو خوبصورت بنانے کیلئے کوشاں ہیں جتنا ممکن ہو کوشش پر شہر کی گلیاں تعمیر کی جارہی ہیں تجاوزات کیخلاف آپریشن شروع ہے جسے عید کے بعد مزید تیزی سے آگے بڑھایا جائیگا تاکہ تجاوزات واگزار کروا کر سڑکوں کو کشادہ کرنے سمیت خوبصورت بنا سکیں ان خیالات کا اظہار چیئرمین میونسپل کمیٹی نوشہروفیروز ڈاکٹر کاشف مصطفیٰ میمن نے میڈیا ہاس پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا انکا مزید کہنا تھا کہ کچھ مفاد پرستوں کا ٹولہ ہے جو پرانے فوٹوز استعمال کرکے میرے خلاف پراپیگنڈہ کررہا ہے لیکن میں انکی بلیک میلنگ میں آنے والا نہیں ہوں انکا مزید کہنا تھا کہ شہر میں صفائی ستھرائی پہلے سے قدرے بہتر ہے ایک مخصوص لابی ہے۔

عید کے حوالے سے مستحق اور ضرورت مند افراد میں راشن کی تقسیم کا سلسلہ شروع

میرپورخاص (بیورو چیف) دستگیری ویلفیئر آرگنائزیشن نے رمضان المبارک اور عید کے حوالے سے مستحق اور ضرورت مند افراد میں راشن کی تقسیم کا سلسلہ شروع کردیا. اس موقع پر بڑی تعداد میں خاندانوں کو روزمرہ استعمال کی اشیا آٹا، چاول، دال، تیل اور دیگر سامان پر مشتمل راشن بیگ فراہم کیے گئے. میرپورخاص دستگیری ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام رمضان المبارک اور عید کے حوالے سے مستحق نادار اور ضرورت مند افراد میں راشن کی تقسیم کا سلسلہ شروع کردیا گیا۔

بقیہ نمبر 01

جہانگیر، ولی خان، آنوش، سلمان، وقاص، ناصر، یاسین اور اعجاز کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے قبضے سے 80 کلوگرام سے زائد چوری شدہ کا پر وائر بھی برآمد کی گئی ہے۔ حکام کے مطابق گرفتار گروہ اسٹیل مل سے اسکریپ چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث تھا اور چوری شدہ سامان مختلف گوداموں میں فروخت کرتا تھا۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے، جبکہ ان کے دیگر ساتھیوں کی تلاش کیلئے بھی کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 02

یہ اپنی معیشت کو مزید سہارا نہیں دے سکتے، جب لوگ سولر پر شفٹ ہوئے تو آپ کہنے لگے کہ ہم پالیسی تبدیل کر رہے ہیں۔ حافظ نعیم نے کہا کہ پاکستان کے پاس 28 دن کا آئل موجود تھا اور پٹرول میں 55 روپے کا اضافہ کر دیا گیا جبکہ لیوی اضافی ٹیکس ہے جو ہر پٹرول استعمال کرنے والا شخص ادا کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 03

سیاسی پوائنٹ اسکورنگ ہے۔ اپوزیشن لیڈر سندھ کی ترقی دیکھ کر بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکے ہیں۔ کراچی کے مسائل کا رونا رونے والے بتائیں کہ انہوں نے اپنے دور میں شہر کے لیے کیا کیا؟۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ سندھ کی ثقافت اور عوام کے حقوق کی جنگ لڑی ہے۔ سید ذوالفقار علی شاہ نے اپوزیشن لیڈر کو مشورہ دیا کہ وہ تنقید کے بجائے تعمیری سیاست پر توجہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت نے ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے ہیں جن کا اعتراف عالمی ادارے بھی کر رہے ہیں۔ اپوزیشن لیڈر کی باتیں صرف ٹی وی اسکرین کی حد تک ہیں، زمین پر ان کا کوئی کام نہیں۔ سید ذوالفقار علی شاہ نے کہا کہ کراچی کے عوام جانتے ہیں کہ کون ان کی خدمت کر رہا ہے اور کون صرف نعرے لگا رہا ہے۔ سندھ کی ثقافت اور شناخت پر حملے کرنے والوں کو عوام مسترد کر چکے ہیں ناپوزیشن لیڈر منفی سیاست کے ذریعے اپنی ناکامیاں چھپانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ نوزیراعلیٰ مراد علی شاہ کی قیادت میں سندھ خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے۔ اپوزیشن کا کام صرف روڑے اٹکانا ہے، ہم عوام کی خدمت جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں اپوزیشن لیڈر کو چیلنج کرتا ہوں کہ وہ کسی بھی حلقے میں ترقیاتی کاموں پر ہم سے مناظرہ کر لیں۔ سندھ اسمبلی میں اپوزیشن کا شور شرابہ ان کی مایوسی کی علامت ہے۔

بقیہ نمبر 04

ترین عمارت کو پاکستانی پرچم کے رنگوں میں روشن دیکھنے کے لیے آنے والے پاکستانی کمیونٹی کے اراکین نے عمارت کی تصاویر اور ویڈیوز بنائیں اور مل کر جشن منایا۔ واضح رہے کہ پچھلی ایک دہائی سے 'برج خلیفہ' کو یوم پاکستان اور یوم آزادی سمیت پاکستان کی تاریخ کے اہم دنوں پر باقاعدگی سے پاکستانی پرچم کے رنگوں سے روشن کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ یوم پاکستان کے موقع پر پاکستانی سفارتخانے اور دبئی میں قونصل خانے میں پرچم کشائی کی تقریبات بھی منعقد کی گئیں۔

بقیہ نمبر 05

خان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی بہت غصے میں ہیں، تین سال سے انہیں قید تنہائی میں رکھا گیا ہے، آپ پونے تین سال کسی کو جیل میں رکھ کر اب کہیں کہ ڈیل کرنا چاہتا ہوں۔ انہوں ں نے کہا کہ جان بوجھ کر بانی پی ٹی ائی کی آنکھ ضائع کرنے کی کوشش کی جارہی ہے تا کہ ڈر کے مارے بانی کہے کہ میں ڈیل اور مذاکرات کرنا چاہتا ہوں، وہ کبھی نہیں کہے گا کیونکہ وہ صرف اور صرف پاکستان کے لیے کھڑا ہے۔ اس نے سارا معاملہ اپنا اللہ پر چھوڑ دیا ہے اور اللہ کے ساتھ وہ رابطے میں ہے۔ علیمہ خان نے کہا کہ عید کا موقع بھی گزر گیا لیکن ہمیں تو ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی، عید کے بعد پہلا منگل آیا ہے آج تو ہمیں ملاقات کی اجازت دی جائے۔ ملاقات کے لیے آئے ہیں اور اب ہم یہیں بیٹھیں گے جب تک ملاقات نہیں ہوتی۔ یہ ہمارا اور بانی پی ٹی آئی کا آئینی و قانونی حق ہے، ملاقات نہ کروانا انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ صحافی نے سوال کیا کہ بانی پی ٹی آئی کو جیل سے اسپتال اور اسپتال سے جیل لایا گیا، ان کا تیسرا پروسیجر مکمل کر لیا گیا ہے؟ انہوں ں نے کہا کہ ہمیں تو پتہ ہی نہیں اور فیملی کو بھی نہیں بتایا گیا، ہمیں بھی نہیں بتایا گیا، صبح سوشل میڈیا سے اور اخبارات سے اور میڈیا سے پتہ لگا ہے۔ ہمیں کیا پتہ کیا علاج ہو رہا ہے، کسی کو نہیں بتایا گیا۔

بقیہ نمبر 06

سرگرمیوں، دہشت گردی کے ممکنہ خطرات اور دہشت گردی سے متعلق جاری واقعات کی بروقت اطلاع دی جا سکے گی۔ مزید بتایا گیا ہے کہ اس ہیلپ لائن کا مقصد عوام، سرکاری محکموں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان ہم آہنگی کو مضبوط بنانا ہے تا کہ خطرات کی جلد نشاندہی، معلومات کا فوری تبادلہ اور متعلقہ حکام کی جانب سے تیز رفتار آپریشنل ردعمل کو ممکن بنایا جا سکے۔ اعلامیے میں عوام سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فراہم کردہ ہیلپ لائن پر دیں۔

بقیہ نمبر 07

منصوبوں پر کام جاری ہے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ دریائے سندھ پر سکھر اور روہڑی کو ملانے کے لیے ایک نئے پل کی منظوری دی جا چکی ہے، جس کی تعمیر جلد شروع ہوگی۔ منصوبے کے تحت پل کو پہلے مرحلے میں زیرو پوائنٹ سکھر سے ڈی ایس پی آفس تک جبکہ دوسرے مرحلے میں موٹر وے سے منسلک کیا جائے گا، جس سے سندھ، بلوچستان اور پنجاب کے درمیان آمد و رفت میں نمایاں بہتری آئے گی اور ٹریفک کے مسائل میں کمی ہوگی۔ سید ناصر حسین شاہ نے توانائی کے بحران کے تناظر میں کفایت شعاری کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اگر توانائی کی کمی طویل مدت تک برقرار رہی تو لاک ڈاؤن جیسے اقدامات بھی زیر غور لائے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ حکومت نے کفایت شعاری پالیسی کے تحت سرکاری گاڑیوں کے استعمال میں 60 فیصد کمی اور پیٹرولیم مصنوعات کے استعمال میں 50 فیصد کمی کی ہے، جبکہ اس حوالے سے روزانہ کی بنیاد پر اجلاس بھی منعقد کیے جا رہے ہیں۔ عالمی صورتحال پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایران، امریکہ اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی کے باعث توانائی کا عالمی بحران شدت اختیار کر سکتا ہے، جس کے اثرات پاکستان سمیت پوری دنیا پر پڑیں گے۔ انہوں نے میڈیا پر زور دیا کہ وہ عوام میں ایندھن کے بچا کے حوالے سے آگاہی پیدا کرے۔ سیاسی امور پر گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کہا کہ ایم کیو ایم کی باتوں کو سنجیدگی سے نہیں لیا جاتا اور گورنر کی تبدیلی کا فیصلہ وفاقی حکومت کا اختیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ چاہے گورنر کسی بھی جماعت سے ہو، وہ سب کے لیے قابل احترام ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان عالمی سطح پر ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے اور جہاں بھی امن کے قیام کے لیے پاکستان کی ضرورت ہوگی، وہ اپنا مثبت کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے دعا کی کہ عالمی سطح پر جاری کشیدگیاں جلد ختم ہوں تا کہ دنیا میں امن و استحکام قائم ہو۔

بقیہ نمبر 08

محمد اورنگزیب کی زیر صدارت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کی نگرانی کے لیے قائم کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں ملک میں توانائی کی فراہمی کی صورت حال اور عالمی سطح پر تیل اور گیس کی منڈیوں میں جاری تبدیلیوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں قومی سطح پر پیٹرولیم مصنوعات کی آئندہ دستیابی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور شرکا کو بتایا گیا کہ خام تیل اور ریفائنڈ پیٹرولیم مصنوعات کے ذخائر تسلی بخش سطح پر موجود ہیں، جنہیں درآمدی معاہدوں اور جاری پیداوار کی بدولت تقویت حاصل ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ درآمدی ٹرمینلز سے لے کر ریفائنریز، ذخیرہ گاہوں اور ریٹیل آؤٹ لیٹس تک سپلائی چین معمول کے مطابق اور مستحکم انداز میں کام کر رہی ہے، جس سے ملک بھر میں ایندھن کی مسلسل فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ بحری اور لاجسٹک نظام کے ذریعے ایندھن کی ترسیل مقررہ شیڈول کے مطابق جاری ہے، مارچ اور اپریل کے لیے پیٹرول کے کارگو بڑی حد تک یقینی بنائے جا چکے ہیں جبکہ مزید کھیپیں بھی منصوبہ بندی میں شامل ہیں تا کہ ذخائر کو مزید مستحکم بنایا جا سکے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ ریفائنریز اپنی معمول کی استعداد کے مطابق کام کر رہی ہیں اور خام تیل کی مؤثر پراسیسنگ کے لیے اقدامات جاری ہیں، کمیٹی کو عالمی توانائی منڈیوں میں قیمتوں کے رجحانات اور ان کے ملکی سطح پر اثرات کے بارے میں بھی بریفنگ دی گئی۔

بقیہ نمبر 09

مریضوں بلکہ ان کے خاندانوں اور مجموعی نظام صحت پر بھی بھاری بوجھ ڈالتی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے اس بات پر زور دیا کہ عوامی آگاہی میں اضافہ اور بروقت تشخیص کو یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے تا کہ مرض کو ابتدائی مرحلے میں ہی قابو کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کو معیاری علاج کی بلا تعطل فراہمی ناگزیر ہے اور اس ضمن میں صحت کے نظام کو مزید مضبوط بنانا قومی ترجیح ہونی چاہیے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ احتیاطی اقدامات میں سرمایہ کاری کے ذریعے ٹی بی کا خاتمہ ممکن ہے، طبی ماہرین اور فرنٹ لائن ورکرز کی خدمات قابل تحسین ہیں جو اس مرض کے خلاف جنگ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ٹی بی سے پاک پاکستان کے لیے حکومتی اداروں، سول سوسائٹی اور عوام کو مل کر مشترکہ کاوشیں کرنا ہوں گی تا کہ اس مہلک مرض کا مکمل خاتمہ ممکن بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 10

دائر درخواستوں کے ساتھ یکجا کرنے کی ہدایت کردی۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ آئندہ سماعت تک اساتذہ کی تنخواہ یا پنشن سے کسی قسم کی جبری وصولی نہ کی جائے۔ سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ کے روبرو اساتذہ کے ٹائم اسکیل ختم کرنے اور اضافی مراعات واپس لینے کیخلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ درخواستگزار کے وکیل نے موقف دیا کہ عدالت نے اس نوعیت کی درخواست پر پہلے ہی حکم جاری کر چکی ہے۔ عدالتی حکم کی غلط تشریح نکالا گیا ہے۔ درخواستگزار محکمہ تعلیم میں ریٹائرڈ اور حاضر سروس اساتذہ ہیں۔ درخواستگزار ڈرائنگ ٹیچرز، فزیکل ٹریننگ انسٹرکٹرز اور ورکشاپ انسٹرکٹرز کے کیڈرز سے تعلق رکھتے ہیں۔ ٹائم اسکیل پالیسی کے مطابق گریڈ 15 سے 20 تک تنخواہیں ادا کی جاتی رہیں۔ محکمہ فنانس نے 21 جنوری کو خط کیذریعے ٹائم اسکیل کے فوائد ختم کرنے کا حکم دیا گیا۔ محکمہ خزانہ نے اضافی ادائیگیوں کی واپسی کی ہدایات جاری کیں۔ خط کے بعد محکمہ اسکول ایجوکیشن نے بھی عملدرآمد کا مراسلہ جاری کیا۔ تنخواہوں میں کٹوتی اور دی گئی اضافی رقوم کی واپسی غیر قانونی ہے۔ کئی اساتذہ تو ریٹائرڈ ہو چکے ہیں۔ عدالت نے اساتذہ کی تنخواہیں اور پنشن سے کٹوتی روکنے کا حکم دیتے ہوئے محکمہ خزانہ و دیگر کو مزید کارروائی سے روک دیا۔ عدالت نے آئندہ سماعت تک حکم امتناع جاری کر دیا۔ عدالت نے محکمہ تعلیم و دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے درخواست پہلے سے دائر درخواستوں کے ساتھ یکجا کرنے کی ہدایت کردی۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ آئندہ سماعت تک اساتذہ کی تنخواہ یا پنشن سے کسی قسم کی جبری وصولی نہ کی جائے۔

بقیہ نمبر 11

ہے نیشنل سرٹ کا نظام پاکستان آرمی سائبر ڈویژن اور پی ٹی اے کے ساتھ منسلک کر دیا گیا۔ تینوں اداروں کے درمیان معلوماتی تبادلے سے مربوط قومی سائبر دفاع یقینی ہوگیا ہے تھریٹ انٹیلی جنس شیئرنگ نظام سے قومی سائبر سیکیورٹی مزید مستحکم ہوگئی۔ مقامی طور پر چلنے والا ایم آئی ایس پی سسٹم ملک کی سائبر خودمختاری مضبوط بناتا ہے، مرکزی تھریٹ انٹیلی جنس سے سائبر خطرات کی بروقت نشاندہی ممکن ہوگئی ہے بیرونی انٹیلی جنس پر انحصار کم اور جدید خطرات کے خلاف ریاستی تیاری میں بہتری، اہم قومی، سرکاری اور ٹیلی کام نظام کے نشانہ بنانے کے خطرات سے بروقت آگاہی ملے گی۔ ریئل ٹائم میں خطرات کی تیز رفتار نشاندہی اور ردعمل سے سائبر حملوں کا پھیلاؤ محدود ہوگا، تھریٹ انٹیلی جنس شیئرنگ نظام سے اداروں کے درمیان مضبوط رابطہ کاری قائم ہوگی، مشترکہ انٹیلی جنس سے تھریٹ ہنٹنگ اور پیشگی خطرات کی روک تھام میں مدد ملے گی۔ دریں اثنا نیشنل سرٹ نے سافٹ ویئر و ہارڈ ویئر کے فوری آڈٹ اور سخت نگرانی کی ہدایت کردی ہے اور نیشنل سرٹ نے تمام اداروں میں زیر استعمال سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر کا فوری آڈٹ لازم قرار دے دیا۔ نیشنل سرٹ نے خبردار کیا کہ سافٹ ویئر اپڈیٹس کو محفوظ نہ بنانے کی صورت میں بجلی، بینکاری اور دفاعی نظام متاثر ہو سکتے ہیں جبکہ کمیونی کیشن ڈیوائسز، نیٹ ورک مینجمنٹ ٹولز اور صنعتی کنٹرول سسٹمز کو بھی خطرات لاحق ہیں۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد سیف سٹی پراجیکٹ میں مشکوک غیر ملکی سافٹ ویئر کا انکشاف ہوا ہے جس کے بعد متعلقہ اداروں کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے جبکہ قومی انفراسٹرکچر میں استعمال ہونے والے سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر کی جامع اسکیننگ کا فیصلہ کیا گیا ہے اس حوالے سے نیشنل سرٹ کی جانب سے ایڈوائزری بھی جاری کی گئی ہے جس میں نیشنل سرٹ نے تمام اداروں میں زیر استعمال سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر کا فوری آڈٹ لازم قرار دیتے ہوئے وینڈرز کی ملکیت، لاجسٹکس سسٹم اور سپلائی چین کے مکمل جائزے کی ہدایت کی ہے۔ ایڈوائزری کے مطابق سافٹ ویئر کی ٹیسٹنگ ایک ہفتے جبکہ ہارڈ ویئر کی جانچ دو ہفتوں میں مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، جبکہ کسی بھی خرابی یا مشکوک سرگرمی کی نشاندہی پر متاثرہ ہارڈ ویئر کو فوری طور پر الگ کرنے اور شواہد محفوظ بنانے کے ساتھ وینڈر کو بلیک لسٹ کرنے کی ہدایت بھی شامل ہے۔ نیشنل سرٹ نے بتایا کہ غیر شفاف وینڈرز، غیر محفوظ لاجسٹکس اور غیر تصدیق شدہ سافٹ ویئر ریاستی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ بن سکتے ہیں جبکہ عالمی سپلائی چین اب سائبر تخریب کاری اور جاسوسی کا اہم محاذ بن چکی ہے۔ ایڈوائزری میں خبردار کیا گیا کہ سافٹ ویئر اپڈیٹس کو محفوظ نہ بنانے کی صورت میں بجلی، بینکاری اور دفاعی نظام متاثر ہو سکتے ہیں جبکہ کمیونیکیشن ڈیوائسز، نیٹ ورک مینجمنٹ ٹولز اور صنعتی کنٹرول سسٹمز کو بھی خطرات لاحق ہیں۔

بقیہ نمبر 12

جنرل سلمان شاہ نے عملے کو ہدایت دی ہے کہ وہ ضروری مشینری کے ساتھ الرٹ پر رہیں تا کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری نمٹا جا سکے۔ حکام نے خبردار کیا کہ تیز ہوائیں اور ممکنہ ژالہ باری کمزور ڈھانچوں اور سولر پینلز کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔ حکام نے یہ بھی کہا کہ مختلف علاقوں میں کھڑی فصلیں نقصان کا شکار ہو سکتی ہیں اور درجہ حرارت میں کمی متوقع ہے۔ شہری غیر ضروری سفر سے گریز کریں جبکہ سیاح اور مسافر احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ کسانوں سے کہا گیا ہے کہ اپنی فصلوں کے تحفظ کے لیے پیشگی اقدامات کریں۔

بقیہ نمبر 13

اوسط سطح کو گزشتہ سال 5 مائیکروگرام فی مکعب میٹر سے کم رکھا۔ رپورٹ کے مطابق مجموعی طور پر زیر جائزہ 143 میں سے 130 ممالک اور علاقے ڈبلیو ایچ او کی گائیڈ لائن پر پورا اترنے میں ناکام رہے، سب سے زیادہ آلودہ فہرست میں بنگلہ دیش اور تاجکستان دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہے۔ چاڈ اعداد وشمار کے 2024 کا سب سے زیادہ اسموگی ملک تھا وہ اب 2025 میں چوتھے نمبر پر رہا لیکن پچھلے سال پی ایم 2.5 کے ارتکاز میں کمی کا امکان اعداد وشمار کے خلا کا نتیجہ ہو سکتا ہے۔ ہندوستان کا لونی 2025 میں دنیا کا سب سے آلودہ شہر تھا، دنیا کے سب سے آلودہ ترین 25 شہر بھارت، پاکستان اور چین کے تھے۔ دنیا کے صرف 14 فیصد شہر 2025 میں ڈبلیو ایچ او کے معیار پر پورا اترے، جو کہ ایک سال پہلے کے 17 فیصد سے کم ہے، کینیڈا کے جنگلات میں لگنے والی آگ نے پورے امریکا اور یورپ تک پی ایم 2.5 کو بڑھا دیا۔ 2025 میں اس معیار پر پورا اترنے والے ممالک میں آسٹریلیا، آئس لینڈ، ایسٹونیا اور پاناما شامل تھے۔

بقیہ نمبر 14

کیو ایم پاکستان برنس روڈ ٹاؤن کے جوائنٹ انچارج جابر خان، ٹاؤن جوائنٹ ہاورڈ جون، ٹاؤن آفس سیکرٹری ابوطلحہ، ٹاؤن ممبر وسیم، ٹاؤن ممبر عامر بابا، ٹاؤن ممبر، عامر بختیار، ٹاؤن ممبر، دانش، ٹاؤن ممبر رابعہ نفیس، ٹاؤن ممبر حسنین عرفان و دیگر ٹاؤن ذمہ داران نے بہادر آباد مرکز جا کر سینئر مرکزی رہنما ایم کیو ایم پاکستان سید مصطفیٰ کمال، سینئر رہنما انیس قائم خانی کو عید کی مبارک باد دی۔ اس موقع پر سی او سی انچارج فرقان اطیب اور مرکزی کمیٹی ممبر شاکر علی بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 15

کے علاج اور اس کے بارے میں عوام میں آگاہی پیدا کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا صوبے میں ٹی بی کے مرض کے مکمل خاتمے کے لیے پختہ عزم کر رکھا ہے، صحت مند پنجاب کے لیے ٹی بی کے خلاف جنگ جیتنا ناگزیر ہے، بروقت تشخیص اور مؤثر علاج کے ذریعے ٹی بی کے مریضوں کی جانیں بچائی جا سکتی ہیں۔ مریم نواز نے مزید کہا ٹی بی، ہیپاٹائٹس اور امراض قلب کے مریضوں کے لیے گھر کی دہلیز پر مفت ادویات پہنچانے کا پروگرام جاری ہے، پنجاب میں ٹی بی کے مریضوں کو مفت ادویات فراہم کی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 16

کی۔ اس موقع پر انہوں نے انسپکٹر جنرل پولیس سندھ، جناب جاوید عالم اوڈھو اور ایڈیشنل آئی جی آزاد خان سے ملاقات کی اور انہیں عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی۔ اس کے علاوہ دیگر معزز شخصیات سے بھی خوشگوار ماحول میں ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہا۔ تقریب کے دوران ڈی آئی جی ایسٹ زون، جناب فرخ لنجار سے بھی ایس پی غلام شبیر سرکی کی ملاقات ہوئی، جہاں باہمی نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔ ایس پی غلام شبیر سرکی نے اس موقع پر اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عیدالفطر کا یہ پرمسرت موقع ان کے لیے باعثِ مسرت اور قلبی سکون کا سبب بنا، جو ہمیشہ ایک خوشگوار یاد کے طور پر ذہنوں میں محفوظ رہے گا۔

بقیہ نمبر 17

ٹیکنالوجی سے 546 میٹر سائیڈ ٹریک کھدائی کی گئی۔ نئی ڈرلنگ تکنیک سے تقریباً تین گنا زیادہ پیداوار حاصل ہوئی ہے۔ منصوبے سے ملک میں تیل کی پیداوار میں اضافہ اور توانائی میں بہتری آئے گی۔

بقیہ نمبر 18

نے ملکی و غیر ملکی کھلاڑیوں اور معزز شخصیات کا استقبال کیا، تقریب کے دوران پی ایس ایل 11 کی ٹرافی کی رونمائی کی گئی جبکہ پی ایس ایل 11 کا ترانہ بھی لانچ کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین پی سی بی کا کہنا تھا کہ شائقین کرکٹ سے دل کی گہرائیوں سے معذرت خواہ ہوں، آپ کو ملک و قوم کا وسیع تر مفاد سب سے پہلے دیکھنا ہوتا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ خطے کی صورتحال کے باعث قومی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے پی ایس ایل 11 کو محدود کیا گیا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ آج کی یہ قربانی کل کی آسانی بن کر سامنے آئے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ایس ایل ایک ٹاپ انٹرنیشنل برانڈ بن چکا ہے اور ہم نے اسے مزید آگے لے کر جانا ہے۔

بقیہ نمبر 19

ان کے شوہر ہی ان کا کرش ہیں، جس پر حاضرین نے خوشگوار ردعمل کا اظہار کیا۔ گفتگو کے دوران ماہرہ خان نے شوبز انڈسٹری کو درپیش مسائل پر بھی کھل کر بات کی، ان کا کہنا تھا کہ فنکاروں کو ان کے کام کے مطابق مناسب معاوضہ ملنا چاہیے، جیسا کہ دنیا کے دیگر ممالک میں رائج ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ یہ نہیں کہتیں کہ یہاں بالی ووڈ جیسا کام ہونا چاہیے، تاہم کم از کم اتنا ضرور ہونا چاہیے کہ کوئی فنکار مالی مشکلات کا شکار نہ ہو، سینئر فنکار کسی نہ کسی طرح گزارا کر لیتے ہیں، مگر جونیئر آرٹسٹس اور ٹیکنیشنز کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایک اور سوال کے جواب میں اداکارہ نے بتایا کہ انہیں عیدالفطر، عید الاضحیٰ کے مقابلے میں زیادہ پسند ہے۔ ساتھی فنکار فہد مصطفیٰ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے ماہرہ خان نے بتایا کہ انہوں نے انہیں پہلے سن گلاسز اور بعد میں چپل بطور تحفہ دی تھی۔

بقیہ نمبر 20

ریگولیرائزیشن کے خلاف مختلف درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ وکیل درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ کے ڈی اے نے ماسٹر پلان کے تحت اراضی کو پیٹرول پمپ کے لئے مختص کیا تھا۔ اراضی پر کثیر المنزلہ عمارت کی اجازت غیر قانونی ہے۔ اراضی کی الاٹمنٹ 1963 میں کے ڈی اے اسکیم سے قبل ہو چکی تھی۔ سرکاری وکیل نے موقف اختیار کیا کہ درخواست گزار اس معاملے میں فریق نہیں ہیں۔ مقدمے کا بنیادی نکتہ زمین کی ملکیت، لیز اور اداروں کے دائرہ اختیار کا تعین ہے، آئینی درخواست کے ذریعے ایسے معاملات کا فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ رجسٹرڈ لیز کی منسوخی اور ملکیت کے تعین جیسے معاملات سول عدالت ہی طے کر سکتی ہے۔ عدالت نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ آئینی عدالت سول عدالت کا متبادل فورم نہیں بن سکتی۔ بظاہر سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کا منظور کردہ تعمیراتی پلان قانونی تقاضوں کے مطابق ہے۔ درخواست گزار نے کسی غیر قانونی اقدام کا ثبوت پیش نہیں کیا گیا۔ اراضی پر تاحال کوئی تعمیر شروع نہیں ہوئی۔ عدالت نے درخواستیں ناقابل سماعت قرار دیتے ہوئے مسترد کردی

بقیہ نمبر 21

اسلحہ سمیت پکڑ لیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مشتعل افراد نے فائرنگ کرنے والے شخص کو تشدد کا نشانہ بنایا، جس کے بعد پولیس نے موقع پر پہنچ کر ملزم کو تھانے منتقل کر دیا۔ پولیس کا کہنا ہے فوری طور پر فائرنگ کی وجوہات کا پتہ نہیں چل سکا ہے، تاہم واقعے کی مزید تحقیقات کی جارہی ہیں۔

بقیہ نمبر 22

ہونے کا حکم دے دیا، غلام اکبر جتوئی کی جانب سے سرکاری افسران کیخلاف شکایت دائر کی گئی تھی جس میں انہوں نے الزام عائد کیا تھا کہ ملزمان نے انکے بیٹے کو اغوا کر کے بھتہ طلب کیا، بیٹے تیمور کو بازیاب کروالیا گیا ہے، ملزمان کے خلاف مقدمہ درج اور قانونی کارروائی کی جائے۔ عدالت نے ایس ایس پی اے وی سی سی کو ہدایت دی کہ ملزمان کو سمن جاری کر کے ان کی عدالت میں حاضری یقینی بنائیں، عملدرآمد رپورٹ بھی عدالت میں پیش کی جائے۔ ایس ایس پی سی آئی اے نوٹسز کی تعمیل بلا تاخیر یقینی بنائیں۔ ملزمان کے خلاف زیر دفعہ A-365 اور انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997 کے تحت کارروائی کا نوٹس لیا گیا ہے، عدالت نے کیس کی مزید سماعت 2 اپریل تک ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر 23

گڈاپ، شاہ لطیف، ملیر، کیماڑی، بلدیہ، اورنگی ٹاؤن، سہراب گوٹھ، شاہ فیصل کالونی، اولڈ سٹی ایریا، لائنز ایریا، پٹیل پاڑہ، اور کورنگی میں جگہ جگہ قائم غیر قانونی گیس سلنڈر کی دکانیں کمشنری نظام کی کارکردگی پر سوالات کھڑے کر رہی ہیں۔ محکمہ داخلہ سندھ نے گیس سلنڈر دھماکوں میں کئی قیمتی جانوں کے ضیاع کے بعد غیر قانونی گیس سلنڈر کی دکانوں کے خلاف آپریشن کا فیصلہ کیا تھا لیکن کراچی کے کسی بھی ڈپٹی کمشنر نے اس حوالے سے کام شروع نہیں کیا، شہریوں کا کہنا ہے کہ لگتا ہے کہ کراچی کے کمشنری نظام کو کسی سانحے کا انتظار ہے یہی وجہ ہے کہ رہائشی آبادیوں میں غیر قانونی گیس سلنڈرز کے خاتمے کیلئے کمشنری نظام سنجیدہ نہیں ہے۔ کچھ عرصہ قبل نمائشی طور پر کارروائیاں کی گئیں۔ دوسری جانب اعلی حکام کا دعوی ہے کہ جلد غیر قانونی گیس سلنڈرز کی دکانوں کے خلاف ایکشن ہوگا۔

بقیہ نمبر 24

دن 17 کروڑ اور 20 کروڑ کی کمائی، عید پر پاکستان ریلوے کی ٹرینوں کی ریزرویشن 100 فیصد رہی، ریلوے نے عید پر 4 اسپیشل ٹرین بھی چلائی تھیں۔

بقیہ نمبر 25

میں بتایا گیا کہ ملک کے تین بڑے کھاد ساز اداروں کیلئے گیس کی بہتر ترسیل کے معاہدوں پر دستخط ہو گئے ہیں جبکہ سٹریٹجک معاہدوں میں گیس پائپ لائن نیٹ ورک میں رکاوٹوں کو دور کیا جائے گا۔ کمپنی خط میں لکھا گیا کہ گیس پریشر میں بہتری کیلئے کمپریشن سسٹم کو مختلف مقامات پر نصب کیا جائے گا، کمپریشن سسٹم سے کھاد کارخانوں کو مقامی گیس کا مطلوبہ دباؤ مسلسل فراہم ہوگا۔ علاوہ ازیں ملکی سطح پر یوریا کی پیداوار کو سہارا دینے کیلئے ماری گیس فیلڈ سے پریشران ہانسمنٹ فیسلیٹی پروگرام بھی شروع ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 26

اس دوران انہوں نے سیکریٹریز اور دیگر اعلی افسران کی حاضری کو بھی چیک کیا۔ وزیراعلی سندھ نے پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ کے نو تعمیر شدہ کمیٹی روم کا بھی جائزہ لیا اور سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ سید مراد علی شاہ نے تغلق ہاؤس میں جاری تزئین و آرائش کے کاموں کا بھی معائنہ کیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ منصوبہ مقررہ مدت میں جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ دورے کے دوران تقریباً تمام صوبائی سیکریٹریز اپنے دفاتر میں موجود پائے گئے، تاہم چند افسران کی غیر حاضری پر وزیراعلی سندھ نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے چیف سیکریٹری کو ہدایت دی کہ جو سیکریٹریز غیر حاضر تھے ان سے وضاحت طلب کی جائے۔ وزیراعلی سندھ نے مختلف محکموں میں عملے کی حاضری کا جائزہ لیتے ہوئے سختی سے ہدایت کی کہ ملازمین کی باقاعدہ موجودگی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام محکمے عوامی مسائل کے حل اور خدمات کی فراہمی میں مؤثر اور ذمہ دارانہ کردار ادا کریں۔ سید مراد علی شاہ نے اس بات پر زور دیا کہ ملازمین اپنی ذمہ داریاں ایمانداری اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیں، بروقت دفاتر پہنچیں اور کام پر مکمل توجہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ ملک کی مجموعی صورتحال کے باعث دفاتر میں ملازمین کی تعداد کم ہوئی ہے، لیکن اسے غیر حاضری کا بہانہ نہیں بنایا جانا چاہیے۔ وزیراعلی سندھ نے چیف سیکرٹری کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ جو ملازمین ڈیوٹی پر ہیں وہ اپنی موجودگی کو یقینی بنائیں۔

بقیہ نمبر 27

مظہر کی سربراہی میں قائم تین رکنی بینچ نے چار روز کے دوران 73 کیسز نمٹائے۔ بینچ میں جسٹس عقیل احمد عباسی اور جسٹس محمد شفیع صدیقی شامل تھے، اس بینچ کے روبرو چار روز کے دوران مجموعی طور پر 113 کیسز سماعت کے لیے مقرر کیے گئے تھے۔ مزید برآں جسٹس منیب اختر کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے تین روز کے دوران 8 کیسز کے فیصلے کیے، جبکہ جسٹس منیب اختر اور جسٹس عرفان سعادت خان پر مشتمل بینچ نے ایک کیس کا فیصلہ سنایا۔

بقیہ نمبر 28

کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حقائق چھپانے سے تاریخ کا رخ نہیں بدلا جا سکتا، سچ ایک دن سامنے آ کر رہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر فورم پر مظلوموں کی آواز بلند کرتا رہے گا۔ آج کا دن ان افراد کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے جنہوں نے سچ اور انصاف کے لیے قربانیاں دیں۔ انہوں نے کہا کہ سچ کے ساتھ کھڑے رہنا ہی ایک مہذب اور منصفانہ معاشرے کی پہچان ہے۔ متاثرین کے وقار کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ ریاستی ادارے انسانی وقار کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہیں۔

بقیہ نمبر 29

ہمراہ وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ، سعید غنی اور جمیل سومرو نے بھی سینیٹر شیری رحمان اور ندیم حسین سے رنج و غم کا اظہار کیا۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، بی بی آصفہ بھٹو زرداری و دیگر نے ماروی خورشید ملک کے بلندی درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، بی بی آصفہ بھٹو زرداری و دیگر نے ماروی خورشید ملک کے انتقال پر لواحقین کے لئے صبر جمیل کی بھی دعا کی۔

بقیہ نمبر 30

ہیں۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی راشن بندی کے لیے ڈیجیٹل نظام لا رہی ہے، حکومت ایک ایپ تیار کر رہی ہے جسے پیٹرولیم مصنوعات کے صارفین ڈاؤن لوڈ کر سکیں گے اور ہر شہری اپنی گاڑی کا نمبر اور اپنا شناختی کارڈ نمبر درج کر کے ایپ میں رجسٹریشن کروائے گا۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ حکومت ہر شہری کا اس کی ضرورت اور دستیابی کے مطابق پیٹرولیم کوٹہ مقرر کرے گا، ہر شہری کو ایپ میں طے شدہ کوٹے کے مطابق روزانہ کا پیٹرول یا ڈیزل مل سکے گا اور اس سلسلے میں حکومت نے پچھلے مارچ سے اس مارچ تک پیٹرولیم مصنوعات کے استعمال کا تقابلی جائزہ لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے کے باوجود استعمال میں کمی کے بجائے اضافہ ہو رہا ہے اور وزیراعظم پیٹرولیم سبسڈی میں صوبوں کو شامل کرنے اور راشن بندی ایپ پر صدر مملکت کو اعتماد میں لیں گے۔

بقیہ نمبر 31

کا بنیادی حق ہیں اور ان دونوں پہلوؤں پر کام جاری ہے۔ وزیر ریلوے نے مزید کہا کہ آئندہ تین سال میں کراچی سے روہڑی ریلوے ٹریک کو مکمل طور پر اپ گریڈ کر دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 32

تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صدر زرداری نے کہا کہ معاشی پالیسیوں میں عوامی ریلیف کو ترجیح دی جائے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے بوجھ کو کم سے کم رکھا جائے تا کہ عام آدمی کو سہولت فراہم کی جا سکے۔

بقیہ نمبر 33

کے بھاؤ 13975 روپے کے اضافے سے 397858 روپے ہو گیا۔ پاکستان میں فی تولہ چاندی کی قیمت 570 روپے بڑھ کر 7454 روپے ہوگئی، دوسری جانب عالمی منڈی میں فی اونس سونے کی قیمت 163 ڈالر بڑھ کر 4 ہزار 413 ڈالر ہوگئی۔

بقیہ نمبر 34

تھا، مالیاتی مشیران سیپکو اور حیسکو کی سیکورل ڈیو ڈیجیلنس رپورٹ بھی تیار کریں گے، مالیاتی مشیر دونوں الیکٹرک کمپنیوں کی مارکیٹ کی تفصیلی جائزہ رپورٹ بھی دیں گے۔ ذرائع کے مطابق سیپکو اور حیسکو کیلئے عالمی تجربات سے فائدہ اٹھانے سے متعلق رپورٹ بھی تیار ہوگی، مالیاتی مشیران نے انسپکشن رپورٹ اور ڈیو ڈیجیلنس رپورٹ کے کئی مراحل طے کر لئے، مالیاتی مشیران کو حیسکو اور سیپکو سے متعلق اپنی رپورٹس جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کردی گئی۔ آئی ایم ایف نے سیپکو اور حیسکو کو فوری از سر نو بحالی اور نجکاری کی ضرورت پر زور دیا ہے، وزارت خزانہ کے مطابق 2024 کے اختتام تک سیپکو کی نقصانات 30 ارب روپے کا اضافہ ہوا، حیسکو کے نقصانات کا حجم 488 ارب روپے رہا۔

بقیہ نمبر 35

پچھلے سال نہیں ہوا پھر بھی پیپلز پارٹی خود کو جمہوری جماعت کہتی ہے۔ منگل کو ایم کیو ایم پاکستان کے اراکین اسمبلی کے ہمراہ کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے علی خورشیدی کا مزید کہنا تھا کہ شہر میں جب لوگ ڈمپر گردی کا شکار ہو رہے تھے اس وقت مسئلے کو لسانی رنگ دینے کی کوشش کی گئی۔ جب ڈمپر گردی کے حادثات بڑھے تب سندھ حکومت نے تمام تر سیاسی جماعتوں کو بلایا گیا تھا۔ ہم نے ہمیشہ مسائل کو سیاسی نہیں بنایا بلکہ حل بتایا۔ ہم نے اس وقت بھی بتایا کہ ہم سندھ حکومت کو ڈمپر گردی کے حادثات پر مکمل سپورٹ کرتے ہیں۔ روزانہ کی بنیاد پر کراچی والے ڈمپر گردی کا شکار ہو رہے ہیں۔ کیوں اس جیسے سانحات پر حکومت خاموش ہے؟ جب بات کرو تو کہتے ہیں کہ سیاست کر رہے ہیں۔ ہم اس طرح کہانی کو چلنے نہیں دینگے۔ عیدالفطر کے موقع پر بارش کا بتایا گیا تھا لیکن تیاریاں نہیں کی گئی تھی۔ بیشتر مقامات پر شہری عیدگاہوں پر نماز عید ادا نہیں کر سکے۔ علی خورشیدی نے کہا کہ بجٹ کے موقع پر تمام تر حکومتی اراکین کو فنڈ دیا گیا لیکن ہمیں نظر انداز کیا گیا۔ کراچی میں بھی جو حکومتی اراکین ہیں انہیں فنڈ جاری ہوا۔ اگر میں غلط کہہ رہا ہوں تو وزیر اعلی صاحب کی تقریر نکال کر دیکھ لیں۔ بلائیں سندھ اسمبلی کا اجلاس اور پری بجٹ پر بات کر لیں۔ تحریک انصاف اور جماعت اسلامی نے کراچی پر سودے بازی کی۔ گلیوں کی ذمے داری ٹانز کے پاس ہے جو جماعت اسلامی لیڈ کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاق کہہ رہا ہے کہ کے فور پر کام ہو رہا ہے لیکن کام نہیں ہو رہا۔ گل پلازہ پر جوڈیشل کمیشن ایم کیو ایم کے مطالبے پر بنا۔ گل پلازہ میں دوبارہ آگ لگی یہ کیسے ممکن ہے؟ ایک سوال کے جواب میں علی خورشیدی کا کہنا تھا کہ سیاسی جماعتوں کی قیادت سب کے لئے قابل احترام ہوتی ہے۔ خالد مقبول صدیقی اور صدر پاکستان کا ملنا اچھی بات ہے۔ ایم کیو ایم نے آصف علی زرداری سے صدر مملکت کی حیثیت میں ملاقات کی تھی۔

بقیہ نمبر 36

5، ٹریکٹر سے 37، واٹر ٹینکر سے 23 افراد جاں بحق ہوئے، جبکہ منی ٹرک کی ٹکر سے 7 اور بسوں کے حادثات میں 11 افراد زندگی سے محروم ہو گئے۔ شہری حلقوں کی جانب سے بڑھتے ہوئے حادثات پر تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے اور متعلقہ اداروں سے مؤثر اقدامات کا مطالبہ کیا جا رہا ہے تا کہ قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع روکا جا سکے۔

بقیہ نمبر 37

میڈیا پلیٹ فارمز پر رپورٹ ہوا کہ امریکا کے نائب صدر جے ڈی وینس، وٹکوف اور جیرڈ کشنر ممکنہ طور پر اگلے ہفتے اسلام آباد میں ایران کے ہونے والے مذاکرات کی نمائندگی کریں گے۔ دوسری جانب اس حوالے سے ترجمان پاکستانی دفتر خارجہ کا کہنا تھا اگر فریقین راضی ہیں تو پاکستان ثالثی کی میزبانی کے لیے تیار ہے۔

بقیہ نمبر 38

عامر سعید راں کی وساطت سے دائر کی۔ دوران سماعت وکیل نے موقف اختیار کیا کہ شہباز شریف نے وزیراعظم بننے کے 15 روز میں اپنے حق میں فیصلہ کروا لیا، فرد جرم عائد ہونے سے قبل شہباز شریف اور حمزہ شہباز شریف نے بریت کی درخواستیں دائر کیں، اسپیشل سنٹرل کورٹ کے جج نے درخواستوں کو منظور کرتے ہوئے شہباز شریف اور حمزہ شہباز شریف کو بری کیا۔ وکیل نے کہا کہ غیر قانونی فیصلے کے تحت اسپیشل سنٹرل کورٹ کے جج نے ملزمان کو ریلیف دیا، ملزمان کو طلب کیے جانے کے باوجود فرد جرم سے پہلے ہی بری کر دیا گیا، پراسیکیوشن نے عدالت میں تقریباً 100 گواہ پیش کرنے تھے، اربوں روپے کے سنگین مقدمے میں پراسیکیوشن کو شواہد پیش کرنے کا موقع دیئے بغیر فیصلہ سنانا ناانصافی ہے، لہٰذا عدالت ٹرائل کورٹ کے فیصلے کو غیر قانونی اور کالعدم قرار دے۔ دوران سماعت چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے وکیل سے استفسار کیا کہ آپ کس طرح متاثرہ فریق ہیں، کوئی بھی چار پانچ سالوں بعد آئے اور فیصلوں کو چیلنج کر دے، آپ سمجھتے ہیں ہم کوئی نیا قانون بنا دیں، یہ عوامی مفاد کا کیس نہیں ہے، رجسٹرار آفس نے درخواست گزار کے متاثرہ فریق نہ ہونے کا اعتراض عائد کیا تھا آپ اس مقدمے میں کیسے فریق ہیں؟ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کہا کہ اس مقدمے کو اتنا عرصہ گزر گیا اور آپ اب عدالت آگئے ہیں؟ عدالت نے رجسٹرار آفس کے اعتراض کو برقرار رکھتے ہوئے درخواست ناقابل سماعت قرار دے کر خارج کردی۔

بقیہ نمبر 39

نے کہا کہ مشرق وسطی کی صورتحال میں چین یکطرفہ اقدامات اور طاقت کی سیاست کیخلاف ہے۔ جیانگ زی ڈونگ کا کہنا تھا کہ چین بین الاقوامی قانون کو ملکی قانون کے تابع کرنے کی مخالفت کرتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ غیر فوجی اہداف پر حملہ نہیں ہونا چاہیے اور بحری راستوں کی سلامتی میں خلل نہیں پڑنا چاہیے۔ چینی سفیر کا کہنا تھا کہ چین کی ثالثی کی کوششیں تنازع کے حل تک جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 40

ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے تمام کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ فیلڈ میں موجود رہیں اور صورتحال کی مسلسل نگرانی کریں تا کہ عوامی مسائل کا فوری حل ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس دوران عوامی سہولت اور فیلڈ میں موجودگی کو اولین ترجیح دی جائے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ محکمہ موسمیات نے بارش کے نئے اسپیل کی پیشگوئی کی ہے، جس کے پیش نظر چیف سیکریٹری سندھ نے پی ڈی ایم اے کو فوری ایڈوائزری جاری کرنے اور تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مؤثر رابطہ رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ اور بلدیاتی اداروں کو مکمل طور پر متحرک ہونے اور فیلڈ میں رہ کر عوامی خدمت کو یقینی بنانے کا حکم دیا۔ چیف سیکریٹری سندھ نے نکاسی آب کے مؤثر انتظام پر زور دیتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام ضروری مشینری کی دستیابی اور فعالیت کو یقینی بنایا جائے تا کہ کسی بھی ممکنہ اربن فلڈنگ اور پانی کے جمع ہونے کی صورتحال سے بچا جا سکے۔ انہوں نے ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے متعلقہ اداروں کو ہنگامی اقدامات کرنے کی ہدایت کی تا کہ شہریوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ بارش اور تیز ہواؤں کے پیش نظر خطرناک بل بورڈز اور دیگر غیر محفوظ ڈھانچوں کے خلاف فوری کارروائی کی بھی ہدایت جاری کی گئی۔ چیف سیکریٹری سندھ نے ہدایت دی کہ عوام کو ممکنہ صورتحال سے آگاہ کرنے کے لیے مؤثر آگاہی مہم چلائی جائے تا کہ شہری احتیاطی تدابیر اختیار کر سکیں۔ آخر میں انہوں نے تمام اداروں کو ہدایت دی کہ پیشگی اقدامات مکمل کر کے مکمل تیاری کو یقینی بنایا جائے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت اور مربوط انداز میں نمٹا جائے تا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے، ادھر پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (PDMA) سندھ نے صوبے بھر میں بارش اور تیز ہواؤں کا الرٹ جاری کرتے ہوئے حکام اور عوام سے احتیاطی اقدامات کرنے کی ہدایت کی ہے۔ حکام کے مطابق، پاکستان محکمہ موسمیات نے سندھ میں 25 اور 26 مارچ کے ساتھ ساتھ 28 اور 29 مارچ کو بارش اور گرج چمک کی پیش گوئی کی ہے۔ PDMA کے ڈائریکٹر جنرل سلمان شاہ نے کہا کہ کراچی، ٹھٹھہ، بدین، حیدرآباد، سکھر، دادو، کشمور، جیکب آباد اور لاڑکانہ اضلاع متاثر ہو سکتے ہیں۔ PDMA نے اپنے عملے کو ہدایت دی ہے کہ ضروری مشینری کے ساتھ الرٹ پر رہیں تا کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری نمٹا جا سکے۔ حکام نے خبردار کیا کہ تیز ہوائیں اور ممکنہ ژالہ باری کمزور ڈھانچوں اور سولر پینلز کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔ حکام نے یہ بھی کہا کہ مختلف علاقوں میں کھڑی فصلیں نقصان کا شکار ہو سکتی ہیں، اور درجہ حرارت میں کمی متوقع ہے۔ شہری غیر ضروری سفر سے گریز کریں، جبکہ سیاح اور مسافر احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ کسانوں سے کہا گیا ہے کہ اپنی فصلوں کے تحفظ کے لیے پیشگی اقدامات کریں۔ PDMA نے مزید کہا کہ تمام ڈپٹی کمشنرز اور متعلقہ محکموں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ چیف منسٹر سندھ کے مشیر برائے محکمہ بحالی گیان چند ایسرانی کی ہدایات کے مطابق، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی انتظامات یقینی بنائے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 41

نے سید طہ کو نیا چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کر دیا گیا ہے۔ اس تقرری سے قبل ادیب احمد بطور قائم مقام چیف ایگزیکٹو فرائض انجام دے رہے تھے، خط میں بتایا گیا ہے کہ نئے سی ای او سید طہ 15 اپریل سے اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ خط کے مطابق سید طہ فروری 2020 سے پاکستان اسٹیٹ آئل میں بھی ایم ڈی اور سی ای او کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکے ہیں اور وہ اس نئی تقرری سے قبل کے الیکٹرک کے چیف ڈسٹریبیوشن آفیسر بھی رہ چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 42

راستہ اپنایا جائے، سینئر قیادت نے مشورہ دیا کہ اس بار اسلام آباد پر چڑھائی کی گئی تو پارٹی کو شدید نقصان ہوگا۔ قیادت نے کہا کہ موجودہ حالات میں احتجاج کا راستہ اپنانا کوئی دانشمندانہ فیصلہ نہیں ہوگا، ٹاسک فورس کا کام احتجاج ہی ہوگا، موجودہ وقت میں احتجاج کرنا ورکرز کیلئے ٹھیک نہیں ہے۔ واضح رہے کہ وزیراعلی خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے 19 اپریل کو بانی رہائی ٹاسک فورس تشکیل دینے کا اعلان کر رکھا ہے۔

بقیہ نمبر 43

کے پیش نظر فی الحال پیٹرول پمپس کو بند نہیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ پیٹرولیم ڈیلرز کی جنرل باڈی اجلاس میں پیٹرول پمپس بند کرنے کا فیصلہ بعد میں کیا جائے گا۔ اس سے قبل پیٹرولیم ڈیلرز نے مارجن میں اضافے کے لیے 26 مارچ سے پیٹرول پمپس بند کرنے کا اعلان کیا تھا۔ عبدالسمیع خان کا کہنا ہے کہ پیٹرول پمپس کے لیے موجودہ مارجن پر کام کرنا انتہائی مشکل ہو گیا ہے۔ ہہب

بقیہ نمبر 44

گیا ہے، حکام کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ طے شدہ شرائط پر مختلف اقسام کے کاروبار کو دستاویزی شکل دینے کا عمل جاری ہے اور اسی تسلسل میں ایف بی آر ٹیئر ون ری ٹیلرز، ٹیکسٹائل، لیدر بزنس سے وابستہ ری ٹیلرز اور ریسٹورنٹس کی رجسٹریشن کا عمل مزید تیز کر دیا گیا ہے۔ اس عمل کے تحت اب تک 12 ہزار 861 بڑے بزنس یا ٹیئر ون ری ٹیلرز کو پوائنٹ آف سیل سسٹم سے منسلک کیا گیا ہے، ان بڑے ریٹیلرز کی برانچوں کی مجموعی تعداد 35 ہزار 761 ہے اور آئندہ دو سال میں مجموعی طور پر 40 ہزار ٹیئر ون ری ٹیلرز کی رجسٹریشن کا پلان ہے۔ سالانہ 50 کروڑ روپے سے زائد ٹرن اوور یا سیل کرنے والے بڑے ری ٹیلرز کو رواں مالی سال کے اختتام تک ڈیجیٹل انوائسنگ سسٹم کے ساتھ منسلک کیا جائے گا۔ ایف بی آر کے مطابق پوائنٹ آف سیلز سسٹم کا مقصد ٹیکس چوری روکنا اور ریونیو بڑھانا ہے، سیلز ٹیکس ریئل ٹائم مانیٹرنگ، الیکٹرانک انوائسنگ میں پیش رفت جاری ہے۔ ٹیئر ون ری ٹیلرز کی تعداد 11 ہزار 301 جبکہ برانچوں کی تعداد 23 ہزار 676 ہے ایک ہزار بڑے ریسٹورنٹس، ایک ہزار 490 برانچز پی او ایس سسٹم سے منسلک کر دیئے گئے ہیں، اب تک ٹیکسٹائل، چمڑے کے کاروبار سے منسلک 560 ٹیئر ون ری ٹیلرز بھی رجسٹرڈ ہو چکے ہیں، پی او ایس سسٹم کے ذریعے کمپیوٹرائزڈ سیلز ڈیٹا براہ راست ایف بی آر کو موصول ہوگا، خلاف ورزی پر 5 سے 30 لاکھ روپے جرمانہ یا کاروبار کی بندش کی سزا دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 45

پارٹی اور خاندان کے ساتھ کوئی رابطہ نہیں کیا گیا، بانی کو خفیہ طریقے سے رات کی تاریکی میں کسی کو بتائے بغیر اسپتال منتقل کیا گیا۔ گورکھپور ناکے پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمارا موقف واضح ہے جب تک فیملی اور ذاتی معالج کو رسائی نہیں ملتی کوئی بھی طریقہ قابل قبول نہیں، سہیل آفریدی نے بانی کی رہائی تحریک کا اعلان کیا ہوا ہے، بانی نے سارا اختیار محمود خان اچکزئی اور علامہ ناصر کو دیا ہے، ہم نے تمام معاملات کو فرصت سے آگے لے کر چلنا ہے، تحریک کا مقصد یہ نہیں ہم کسی مخصوص چوک کی طرف آئیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ تحریک ایک ہمہ جہتی عمل کا نام ہے، ہماری تحریک پورے ملک کی تحریک ہے، لوگ بانی کے ساتھ کھڑے ہیں ہم عوام کو ساتھ لے کر چلیں گے، مشرق وسطی میں جاری صورتحال پر کوئی بات کرنا قبل از وقت ہے، وائٹ ہاؤس سے جو بات سامنے آئی ایران نے اسے انکار کیا ہے، ابھی ہمیں کچھ معلوم نہیں کہ اصل صورتحال کیا ہے، ہمارا اصولی موقف ہے ایک پروقار طریقے سے امن ہو۔ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ ایران کے جو جائز مطالبات اور حقوق ہیں ان کو مانا جانا چاہیے، ہم چاہتے ہیں خطے میں مسلمان ممالک کو تحفظ حاصل ہو فلسطینیوں کو ان کا حق ملے، عوام سے دوری ملک پر قابض قوتوں نے پیدا کی ہے، عوام ایک طرف ہیں ریاست پر مسلط قوتیں دوسری طرف ہیں، جب تک عوام کو ان کے لیڈر کو ساتھ نہیں ملائیں گے تب تک امن کی فضا قائم نہیں ہو سکتی، پاکستان میں آئین اور قانون کی پامالی آج کی بات نہیں، ہم پچھلے تین سال سے آئین کی بالادستی کے لیے کھڑے ہیں۔

بقیہ نمبر 46

ں حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ موجودہ حالات میں سرکاری حکام کیلئے فری بجلی اور فری پیٹرول کو ختم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر صرف لیوی ختم کر دیں تو اس وقت بھی پیٹرول کی قیمت کو کم کیا جا سکتا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے مزید کہا کہ اس جنگ کے فوراً بعد پاک ایران گیس پائپ لائن پر کام شروع ہو جانا چاہیے۔

سندھ حکومت اسمارٹ لاک ڈاؤن کے حوالے سے سوچ رہی ہے' ناصر حسین شاہ

کفایت شعاری پالیسی کے تحت سرکاری گاڑیوں کے استعمال میں 60 فیصد کمی اور پیٹرولیم مصنوعات کے استعمال میں 50 فیصد کمی کی ہے

خطے میں کشیدگی کے باعث توانائی کا عالمی بحران شدت اختیار کرسکتا ہے، جس کے اثرات پاکستان سمیت پوری دنیا پر پڑینگے، صوبائی وزیر

سکھر (ویب ڈیسک) صوبائی وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے سکھر کے علاقے روہڑی میں قائم نئے واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کا دورہ کرتے ہوئے اس کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل سید کمیل حیدر شاہ، کمشنر سکھر عابد سلیم، ڈپٹی کمشنر نادر خان سمیت پاکستان پیپلز پارٹی کے دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران صوبائی وزیر کو پلانٹ کی کارکردگی، پانی کی صفائی کے نظام اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ سید ناصر حسین شاہ نے ہدایت کی کہ سکھر اور روہڑی کے عوام کو صاف اور معیاری پانی کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے اور اس منصوبے کو مؤثر انداز میں چلایا جائے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کہا کہ روہڑی میں قائم جدید واٹر فلٹر پلانٹ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن کا حصہ ہے، جس پر سندھ حکومت عملدرآمد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی سمیت سندھ بھر میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کے ذخائر تسلی بخش سطح پر موجود ہیں، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ بروقت منصوبہ بندی، متنوع درآمدی حکمت عملی اور متعلقہ اداروں کے درمیان قریبی رابطے کی بدولت عالمی اتار چڑھاؤ کے باوجود ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی مستحکم رہی ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

تپ دق قابلِ علاج مرض، خاتمے کیلئے پرعزم ہیں' چیئرمین سینیٹ

ٹی بی سے پاک پاکستان کے لیے حکومتی اداروں، سول سوسائٹی اور عوام کو مل کر مشترکہ کاوشیں کرنا ہوں گی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان تپ دق (ٹی بی) کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے مربوط اور مؤثر اقدامات جاری ہیں۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق عالمی یوم تپ دق کے موقع پر جاری پیغام میں چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ تپ دق قابل علاج اور قابل بچاؤ مرض ہے، تاہم ترقی پذیر ممالک میں یہ اب بھی سنگین چیلنج کے طور پر موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹی بی نہ صرف .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

لاہور میں ایک موڑیا پل کے قریب تعمیراتی کاموں کی نگرانی لوکل گورنمنٹ ڈپارٹمنٹ کر رہا ہے

غیرقانونی سلنڈرز کی دکانوں کیخلاف کارروائی نہ ہوسکی

شہر میں 7 ہزار سے زائد غیر قانونی گیس سلنڈر کی دکانیں کسی بھی وقت بڑے سانحے کا باعث بن سکتی ہیں

کراچی (ویب ڈیسک) محکمہ داخلہ سندھ کے احکامات کے باوجود کمشنری نظام نے غیر قانونی گیس سلنڈرز کی دکانوں کے خلاف آپریشن کا آغاز نہیں کیا شہر میں 7 ہزار سے زائد غیر قانونی گیس سلنڈر کی دکانیں کسی بھی وقت بڑے سانحے کا باعث بن سکتی ہیں۔ شہر میں تقریباً 7 ہزار سے زائد غیر قانونی گیس سلنڈر کی دکانیں قائم ہیں زیادہ تر دکانیں رہائشی آبادی میں موجود ہیں جس کی وجہ سے یہ خدشہ برقرار ہے کہ یہاں پر کوئی بڑا سانحہ پیش آسکتا ہے۔ ایک سروے کے مطابق منگھوپیر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

جامشورو پل پر ٹریفک کے افراتفری نے ٹریفک پولیس حکام اور اتھارٹیز کی غفلت کو اجاگر کیا

اغوا اور بھتہ طلب کرنے کا کیس: سابق ایس ایس پی ملیر عدالت طلب

مختیارکار، اسسٹنٹ کمشنر اور ایس ایچ او گڈاپ سٹی کو بھی سمن جاری، حاضری یقینی بنانے کی ہدایت

کراچی (ویب ڈیسک) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے شہری کے اغوا اور بھتہ طلب کرنے کے کیس میں سابق ڈی سی ملیر، سابق ایس ایس پی ملیر سمیت دیگر سرکاری افسران کو طلب کرلیا۔ عدالت نے سابق ڈپٹی کمشنر ملیر سلیم اللہ اوڈھو اور سابق ایس ایس پی ملیر کاشف عباسی، مختیار کار مراد میمن ریاض مغیری، اسسٹنٹ کمشنر مراد میمن خالد معروف اور ایس ایچ او گڈاپ سٹی سرفراز جتوئی کو سمن جاری کردیے۔ عدالت نے تمام سرکاری افسران کو ذاتی حیثیت میں پیش .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

فنکاروں کو ان کے کام کے مطابق مناسب معاوضہ ملنا چاہیے، جیسا کہ دنیا کے دیگر ممالک میں رائج ہے، ماہرہ خان

کراچی (ویب ڈیسک) نامور پاکستانی اداکارہ ماہرہ خان نے ایک نجی ٹی وی کے ٹاک شو میں شرکت کے دوران سوال و جواب کے سیشن میں اپنے کرش سے متعلق دلچسپ انکشاف کیا۔ پروگرام کے دوران ایک شخص نے سوال کیا کہ جب پورا پاکستان آپ پر کرش رکھتا ہے تو آپ کا کرش کون ہے؟ اس پر اداکارہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا کہ ان .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

26 مارچ سے ملک بھر میں پیٹرول پمپس بند کرنیکا فیصلہ موخر

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن نے 26 مارچ سے ملک بھر میں پیٹرول پمپس بند کرنے کا فیصلہ موخر کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے چیئرمین عبدالسمیع خان نے کہا ہے کہ ملکی حالات .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

پی ٹی آئی کے سینئر رہنماؤں کی عمران رہائی فورس تشکیل دینے کی مخالفت

پشاور (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے متعدد سینئر رہنماؤں نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی کیلئے ٹاسک فورس تشکیل دینے کی مخالفت کردی۔ پارٹی ذرائع کے مطابق سینئر قیادت نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کو اپنی رائے سے آگاہ کردیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور دنیا اس وقت مشکل وقت سے گزر رہی ہے، ٹاسک فورس کی جگہ مذاکرات کا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری' 12 ہزار 861 بڑے ریٹیلرز پوائنٹ آف سیل سے منسلک

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان نے آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری کرنے کے لیے بڑے شاپنگ سینٹرز، ٹیکسٹائل اور چمڑے کے کاروبار سے وابستہ افراد اور ریسٹورنٹس سمیت 12 ہزار 861 بڑے ری ٹیلرز کو پوائنٹ آف سیل سسٹم سے منسلک کر دیا۔ ایف بی آر کے مطابق پاکستان میں کاروبار کرنے والے بڑے ری ٹیلرز کو ایف بی آر کے کمپیوٹرائزڈ سسٹم سے منسلک ہونا لازمی قرار دے دیا گیا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

کوئٹہ میں ایئرپورٹ روڈ پر بہتا ہوا گندے پانی کا نکاس حکام کی غفلت کو اجاگر کرتا ہے

کے الیکٹرک نے سید طہٰ کو نیا چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کردیا

کراچی (ویب ڈیسک) کے الیکٹرک کی جانب سے نئے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی تعیناتی کردی گئی ہے۔ کے الیکٹرک کی جانب سے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی انتظامیہ کو بھیجے گئے خط میں آگاہ کیا گیا ہے کہ کے الیکٹرک .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

چیف سیکریٹری سندھ کی انتظامیہ کو فیلڈ میں رہنے کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ کی زیر صدارت متوقع بارشوں کے پیش نظر اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تمام کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں بارش کے نئے اسپیل کے حوالے سے تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکریٹری سندھ نے تمام انتظامیہ کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

اسٹیل مل میں چوری بے نقاب بن قاسم پولیس نے 9 رکنی گینگ گرفتار کرلیا

ملزمان میں ناصر، یاسین رمیض، جہانگیر، ولی خان، آنوش، سلمان، وقاص، اور اعجاز شامل' 80 کلوگرام سے زائد کا پروائز برآمد

گرفتار گروہ اسٹیل مل سے اسکریپ چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث تھا اور چوری شدہ سامان مختلف گوداموں میں فروخت کرتا تھا

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد کے علاقے بن قاسم میں پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے اسٹیل مل سے لوہا اور تانبہ چوری کرنے والے 9 رکنی گروہ کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ملیر پولیس کے مطابق یہ کارروائی پاکستان اسٹیل ملز کے قریب کی گئی جہاں قیمتی اسکریپ کی مسلسل چوری کی اطلاعات پر کریک ڈاؤن جاری تھا۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزمان رمیض، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

ٹائم اسکیل ختم کرنے کیخلاف درخواست پر محکمہ تعلیم ودیگر فریقین کو نوٹس

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے اساتذہ کے ٹائم اسکیل ختم کرنے اور اضافی مراعات واپس لینے کیخلاف درخواست پر محکمہ تعلیم و دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے درخواست پہلے سے دائر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

پاک سعودیہ معاہدے میں ایران اور ترکیہ کو شامل کرنا چاہئے' نعیم الرحمٰن

جب لوگ سولر پر شفٹ ہوئے تو آپ کہنے لگے کہ ہم پالیسی تبدیل کر رہے ہیں، امیر جماعت اسلامی

لاہور (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے دفاعی معاہدے میں ایران اور ترکیہ کو شامل کرنا چاہیے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیں یہ بات سمجھنی چاہیے کہ ہمارا دوست کون ہے اور دشمن کون ہے، جو جنگ چل رہی ہے اس نے پوری دنیا کی معیشت کو متاثر کیا اور اس جنگ کے فوراً بعد پاک ایران گیس پائپ لائن پر کام شروع ہوجانا چاہیے۔ امیر جماعت نے کہا کہ دھوکے بازی سے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

اپوزیشن لیڈر کی میڈیا ٹاک سیاسی پوائنٹ اسکورنگ ہے، ذوالفقار شاہ

کراچی (ویب ڈیسک) صوبائی وزیر ثقافت و سیاحت سید ذوالفقار علی شاہ کا اپوزیشن لیڈر علی خورشیدی کی میڈیا ٹاک پر ردعمل دیتے ہوئے اپنے بیان میں کہنا ہے کہ اپوزیشن لیڈر کی میڈیا ٹاک حقائق سے عاری اور محض سیاسی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

اسلام آباد سیف سٹی پراجیکٹ میں مشکوک غیر ملکی سافٹ ویئر کا انکشاف، ادارے ہائی الرٹ

نیشنل سرٹ آرمی سائبر ڈویژن اور پی ٹی اے سے منسلک، تمام اداروں میں زیر استعمال سافٹ ویئر و ہارڈ ویئر کا آڈٹ لازم قرار

نیشنل سرٹ نے خبردار کیا کہ سافٹ ویئر اپڈیٹس کو محفوظ نہ بنانے کی صورت میں بجلی، بینکاری اور دفاعی نظام متاثر ہوسکتے ہیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت نے قومی سطح پر تھریٹ انٹیلی جنس کے انضمام اور تبادلے کا نظام قائم کردیا، نیشنل سرٹ کا مقامی طور پر چلنے والا نظام پی ٹی اے اور پاک فوج کے سائبر ڈویژن کے ساتھ منسلک کردیا گیا ہے جس کے تحت سائبر خطرات کی بروقت نشاندہی ممکن ہوگی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نیشنل سرٹ کا نظام مالویئر انفارمیشن شیئرنگ پلیٹ فارم کے ذریعے قائم کیا گیا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

عید' پاکستان ریلوے نے مجموعی طور پر 48 کروڑ روپے کمائے

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان ریلویز نے عید کے تینوں دن مجموعی طور پر 48 کروڑ روپے کمائے، عید کے پہلے دن پاکستان ریلوے کو 11 کروڑ روپے کی آمدن ہوئی۔ ذرائع کا کہنا ہے عید کے دوسرے اور تیسرے دن .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، آصفہ بھٹو نے سینیٹر شیری رحمان کی بیٹی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی

سونے کی قیمت میں تاریخ کی سب سے بڑی کمی کے بعد پھر بڑا اضافہ

کراچی (ویب ڈیسک) سونے کی قیمت میں پیر کو تاریخ کی سب سے بڑی کمی کے بعد منگل کو پھر بڑا اضافہ ریکارڈ کیا جارہا ہے۔ آل صرافہ ایسوسی ایشن کے مطابق پاکستان میں فی تولہ سونا 16300 روپے مہنگا ہوکر 4 لاکھ 64 ہزار 62 روپے کا ہوگیا، ملک میں 10 گرام سونے کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

کراچی: ملیر کھوکھراپار میں فائرنگ سے 2 افراد زخمی

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی میں ملیر کھوکھراپار میں جھگڑے کے دوران فائرنگ سے 2 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق دونوں زخمیوں کو اسپتال منتقل کردیا گیا ہے جبکہ فائرنگ کرنے والے ملزم کو مشتعل افراد نے اسلحہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

گلشن اقبال میں اراضی کی ریگولیرائزیشن کیخلاف دو درخواستیں مسترد

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ نے گلشن اقبال میں اراضی کی ریگولیرائزیشن کے خلاف دو درخواستیں ناقابل سماعت قرار دیتے ہوئے مسترد کردی ہیں۔ سندھ ہائی کورٹ میں گلشن اقبال میں اراضی کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

صحت مند پنجاب کے لیے ٹی بی کے خلاف جنگ جیتنا ناگزیر ہے، مریم نواز

صوبے میں ٹی بی کے مرض کے مکمل خاتمے کے لیے پختہ عزم کر رکھا ہے

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ مریم نواز نے ٹی بی (تپ دق) کے عالمی دن پر خصوصی پیغام دیتے ہوئے کہا کہ صحت مند پنجاب کے لیے ٹی بی کے خلاف جنگ جیتنا ناگزیر ہے۔ مریم نواز نے ٹی بی کے خاتمے کیلئے جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے ٹی بی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

ایم کیو ایم کارکنان کی مصطفیٰ کمال اور انیس قائم خانی سے ملاقات

کراچی (ویب ڈیسک) ایم کیو ایم پاکستان برنس روڈ کے ذمہ داران نے بہادرآباد میں مرکز میں سینئر مرکزی رہنما سید مصطفیٰ کمال اور انیس قائم خانی سے ملاقات کرکے انہیں عید کی مبارکباد دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایم .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

سی پی او کراچی میں عیدالفطر کی نماز، اعلیٰ پولیس حکام کی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سی پی او کراچی میں عیدالفطر کے بابرکت موقع پر نماز عید باجماعت ادا کی گئی، جس میں پولیس کے اعلی افسران اور معزز شخصیات نے شرکت کی۔ ایس پی گلشن اقبال غلام شبیر سرکی نے بھی نماز عید ادا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

حیدرآباد میں واقع پاساکھی 13- کنویں سے تیل کی پیداوار کا آغاز

کنویں کی 2966 میٹر گہرائی تک ڈرلنگ مکمل کی گئی ہے، جدید ٹیکنالوجی سے 546 میٹر سائیڈ ٹریک کھدائی کی گئی

یومیہ 460 بیرل تیل کی پیداوار، منصوبے سے ملک میں تیل کی پیداوار میں اضافہ اور توانائی میں بہتری آئے گی

حیدرآباد (مانیٹرنگ ڈیسک) او جی ڈی سی نے صوبہ سندھ کے ضلع حیدرآباد میں واقع پاساکھی 13- کنویں سے تیل کی پیداوار کا آغاز کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاساکھی 13- پاکستان کا پہلا کامیاب ہوریزونٹل تیل کا کنواں ہے۔ کنویں سے یومیہ 460 بیرل تیل کی پیداوار حاصل ہورہی ہے۔ کنویں کی 2966 میٹر گہرائی تک ڈرلنگ مکمل کی گئی۔ جدید .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17

عیدالفطر کی تقریبات کے باعث کوئٹہ کی جناح روڈ چوتھے دن سنسان ہوگئی

کراچی میں دہشتگردی خطرات سے نمٹنے کیلئے ہیلپ لائن متعارف

مقصد عوام، سرکاری محکموں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان ہم آہنگی کو مضبوط بنانا ہے

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد میں دہشت گردی کے خطرات سے نمٹنے کے لیے ہیلپ لائن متعارف کرا دی گئی۔ نیشنل انٹیلی جنس فیوژن اینڈ تھریٹ اسیسمنٹ سینٹر (NIFTAC) نے کاؤنٹر ٹیررازم ہیلپ لائن 1719 متعارف کروادی ہے، اس حوالے سے اعلامیہ محکمہ اطلاعات سندھ کی جانب سے جاری کردیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق ہیلپ لائن کے ذریعے مشکوک .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

کوئی بات چیت نہیں ہورہی، ملاقات نہ کروانا انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، علیمہ خان

راولپنڈی (ویب ڈیسک) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خا کا کہنا ہے کہ کوئی مذاکرات اور کوئی بات چیت نہیں ہورہی، کسی میں ہمت ہے تو بانی پی ٹی ائی سے جا کر بات کریں اور مذاکرات کریں۔ گورکھپور ناکے پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پر علیمہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

یوم پاکستان پر برج خلیفہ پاکستانی پرچم کے رنگوں سے جگمگا اُٹھا

پاکستانی کمیونٹی کے اراکین نے عمارت کی تصاویر اور ویڈیوز بنائیں اور مل کر جشن منایا

دبئی (ویب ڈیسک) یوم پاکستان کے موقع پر متحدہ عرب امارات میں دنیا کی بلندترین عمارت برج خلیفہ پاکستانی پرچم کے رنگوں سے جگمگا گئی۔ پاکستانی پرچم کے رنگوں سے روشن 'برج خلیفہ' کو دیکھنے کے لیے بڑی تعداد میں لوگ بھی جمع ہوئے۔ ڈاؤن ٹاؤن دبئی میں دنیا کی بلند .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

کراچی: خاتون عائشہ منزل پر سڑک کنارے اسٹال پر کھلونے فروخت کرتی ہیں

پی ڈی ایم اے نے سندھ میں بارش اور تیز ہواؤں کا الرٹ جاری کردیا

محکمہ موسمیات نے سندھ میں 25 سے 29 مارچ تک بارش اور گرج چمک کی پیش گوئی کی ہے

کراچی (ویب ڈیسک) پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (PDMA) سندھ نے صوبے بھر میں بارش اور تیز ہواں کا الرٹ جاری کرتے ہوئے حکام اور عوام سے احتیاطی اقدامات کرنے کی ہدایت کی ہے۔ حکام کے مطابق پاکستان محکمہ موسمیات نے سندھ میں 25 اور 26 مارچ کے ساتھ ساتھ 28 اور 29 مارچ کو بارش اور گرج چمک کی پیش گوئی کی ہے، کراچی، ٹھٹھہ، بدین، حیدرآباد، سکھر، دادو، کشمور، جیکب آباد اور لاڑکانہ اضلاع متاثر ہوسکتے ہیں۔ پی ڈی ایم اے کے ڈائریکٹر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

حیدرآباد میں فن لینڈ پر عیدالفطر کی تقریبات جوش وخروش کے ساتھ جاری ہیں

پاکستان دنیا کا سب سے زیادہ اسموگ سے متاثرہ ملک قرار

زیر جائزہ 143 میں سے 130 ممالک اور علاقے ڈبلیو ایچ او کی گائیڈ لائن پر پورا اترنے میں ناکام رہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ایک تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان کو 2025 میں دنیا کا سب سے زیادہ اسموگ سے متاثرہ ملک قرار دیا گیا جبکہ ملک میں پی ایم 2.5 کے نام سے جانے جانے والے خطرناک چھوٹے ذرات کی مقدار ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (ڈبلیو ایچ او) کی تجویز کردہ سطح سے 13 گنا زیادہ رہی۔ سوئس ایئر کوالٹی مانیٹرنگ فرم آئی کیو ایئر نے اپنی سالانہ رپورٹ میں کہا کہ 13 ممالک اور علاقوں نے ڈبلیو ایچ او کے معیار کے مطابق پی ایم 2.5 کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

شائقین کرکٹ سے معذرت، ملک وقوم کا مفاد سب سے پہلے دیکھنا ہوتا ہے، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی

لاہور (ویب ڈیسک) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے پی ایس ایل 11 کے شیڈول میں تبدیلی پر شائقین کرکٹ سے معذرت کرتے ہوئے کہا کہ ملک وقوم کا مفاد سب سے پہلے دیکھنا ہوتا ہے۔ لاہور میں چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) محسن نقوی کی جانب سے پی ایس ایل 11 کی تمام ٹیموں کے اعزاز میں تقریب منعقد کی گئی۔ چیئرمین پی سی بی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18